دیوث ء۔ بے عزت بے شرم اور بھڑوا۔ جس کی جورو کسب کرے۔
دیودار ف۔ ایک پہاڑی درخت ہے جس کا مستول جہاز کا بنایا جاتا ہے۔
دیون ء۔ جمع ہے دین کی قرض
دیونہ ف۔ ریشم کا کیڑا کرم ریشم
دیہ ف۔ گاؤں۔
دیہیم ء۔ تاج بادشاہاں۔

باب الذال

ذا ء۔ وہ مرد اسم اشارہ ہے۔ مفرد مذکر قریب کے واسطے
ذابح ء۔ ذبح کرنیوالا حلال کرنیوالا۔
ذات ء۔ صاحب مالک۔ حقیقت ہر شے کی۔
ذاکر ء۔ ذکر کرنے والا۔ یاد کرنے والا
ذال ء۔ بھولنے والا بھلکر۔
ذائب ء۔ گھلنے والا پگھلنے والا۔
ذائق ء۔ مزہ چکھنے والی۔
ذائقہ ء۔ مزہ چکھنے کی قوت

جو زبان میں ہے ۔
ذب ع ۔ ہنکا دینا ۔
ذبح ع ۔ کاٹنا جانور کا شرعی طور پر
ذبول ع ۔ لاغری ۔
ذبیح ع ۔ وہ جانور جو ذبح کیا جاوے ۔
ذخائر ع ۔ جمع ہے ذخیرہ کی خزانے ۔ گودام ۔
ذرات ع ۔ جمع ہے ذرہ کی ۔
ذرع ع ۔ ہاتھ کے حساب سے پیمائش کرنا ۔
ذروہ ع ۔ کنگرہ ۔
ذریت ع ۔ اولاد ۔ نسل
ذریعہ ع ۔ وسیلہ واسطہ دستاویز
ذقن ع ۔ ٹھوڑی ۔
ذکا ع ۔ ذہانت اور نام سورج کا
ذکر ع ۔ یاد ۔ داشت ۔
ذکر ع ۔ آلہ تناسل مرد کا ۔
ذکور ع جمع ذکر کی بہت سے مرد
ذکی ع ۔ ذہین ۔ تیز فہم ۔
ذلالت ع ۔ ذلیل ہونا ۔
ذلق ع ۔ تیز زبانی بے آرام ہونا ۔
ذلیل ع ۔ خوار بے عزت
ذم ع ہجو کرنا ۔ برائی ۔ ہجو

ذمائم ع جمع ہے ذمیمہ کی برائی بدی ۔ شرارت ۔ بدچیز ۔
ذمہ ع ضمانت ۔ عہد و پیمان
ذمی ع ۔ اہل کتاب جسکو مسلمانوں کے ملک میں پناہ دی گئی ہو اور وہ جزیہ گذار ہو ۔
ذمیم ع ۔ بد اور خراب چیز زشت
ذنب ع ۔ دم ۔ پونچھ
ذنب ع ۔ گناہ
ذنوب ع جمع ہے ذنب کی ۔
ذوات ع ۔ جمع ہے ذات کی
ذوبان ع گلنا ۔ گھٹنا ۔
ذوالجلال ع ۔ صاحب شوکت صاحب عزت ۔ دبدبہ ۔
ذوفنون ع وہ شخص جو کئی فن جانتا ہو ۔ جس کو کئی طرح کے علم آتے ہیں ۔
ذوالفقار ع ۔ نام ہے اس تلوار کا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تھی
ذوالنون مصری ع ایک فقیر کامل کا نام ہے ۔
ذوالقربے ع ۔ رشتہ دار لوگ
ذوالقعدہ ع ۔ گیارہواں مہینہ قمری مسلمانوں ۔
ذوق ع ۔ چکھنا ۔ مزہ چکھنے کا ۔
ذہاب ع ۔ جانا ۔ گذرنا ۔
ذہب ع ۔ سونا ۔ زر سرخ
ذہن ع ۔ فہمیدگی ۔ زیرکی ذکاوت یاد کرنے کی قوت ۔
ذہول ع ۔ بھول جانا ۔
ذہین ع ۔ وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو جلد ہی یاد کرنے والا ۔
ذی الحجہ ع ۔ بارہواں مہینہ قمری مسلمانوں کا ۔
ذئب ع ۔ بھیڑیا ۔ گرگ
ذیل ع ۔ دامن
ذیول ع ۔ جمع ہے ذیل کی ۔

باب الرا

را ف ۔ یہ حرف علامت مفعول کی ہے اور کبھی واسطے کے معنی میں آتا ہے ۔ مفصل کریم میں دیکھنا چاہیے
رابح ع ۔ فائدہ اٹھانیوالا سودمند ۔ فائدہ بخش ۔
رابط ع ۔ ربط دینے والا ملانے والا ۔
رابع ع ۔ چوتھا ۔
رابعہ ع ۔ چوتھی عورت اور نام ایک مشہور پارسا عورت کا بسبب اسکے کہ وہ چوتھی لڑکی اپنے باپ کی تھی اس لئے یہ نام اس کا ہو گیا ۔
راتب ع ۔ ہر روز کا معمول خوراک ۔ روزانہ ۔
راجح ع ۔ افزون غالب ۔
راجع ع ۔ رجوع کرنے والا ۔ پس ہونے والا ۔
راجی ع ۔ امیدوار ۔
راح ع ۔ شراب شاد ہونا خوشی
راحت ع ۔ آرام ۔ آسائش ہاتھ کی ہتھیلی ۔
راحل ع ۔ کوچ کرنے والا ۔
راحلہ ع ۔ سواری کا جانور ستور ۔ بارکش ۔
راحم ع ۔ مہربانی کرنیوالا ۔
رادع ع ۔ ہٹانیوالا روکنے والا ۔
رادف ع ایک سوار کے پیچھے جو دوسرا سوار ہو اسکو کہتے ہیں ۔
راز ف ۔ بھید ۔ پوشیدہ بات
رازدان ف ۔ بھید کا جاننے والا
رازق ع ۔ رزق دینے والا ۔
رازیان معرب ۔ بادیان سونف
راس ع سربلندی کسی چیز کی ۔
راس الجدی ع ۔ وہ نقطہ جس پر سورج کے پہنچنے سے جاڑا

شروع ہو جاتا ہے۔

راس السرطان ع۔ نقطہ جب اس پر سورج پہنچتا ہے تو گرمی شروع ہو جاتی ہے۔

راس المال ع۔ سرمایہ تجارت کا مال جس پر بیع کیا جاوے۔

راست ف۔ درست داہنا ہاتھ وغیرہ نیز نام ایک مقام موسیقی مقام سے۔

راستباز ف۔ سچا

راستاف۔ تنخواہ

راستی ف۔ درستی۔ سچائی صدق

راسخ ع۔ استوار مضبوط

راسو ف۔ نیولا۔ نیول۔ مشہور جانور جو سانپ کا دشمن ہے۔

راشد ع۔ ہدایت یافتہ رشد یافتہ

راضی ع۔ خوش۔ شاد۔

راعی ع۔ نگہبان والی حاکم

راغب ع۔ رغبت کرنیوالا۔

رافت ع۔ مہربانی۔

رافضی ع۔ منسوب بہ رافضہ

رافضہ ع۔ اس گروہ کو کہتے ہیں۔ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے۔

رافع ع۔ بلند کرنے والا۔

راقب ع۔ منتظر۔ انتظار کرنے والا۔

راقم ع۔ منتظر انتظار کرنیوالا۔

راقی ع۔ لکھنے والا۔

راقص ع۔ ناچنے والا اور نام ایک ستارہ کا ہے۔ جو اژدہائے فلک کے منہ میں ہے۔

راکب ع۔ سوار۔

راکع ع۔ جھکنے والا خدا کے سامنے گھیٹونپر ہاتھ رکھکر جھکنے والا۔

رام ف۔ تابعدار فرمانبردار

رامح ع۔ نیزہ دار۔ نیزہ مارنیوالا

رامش ف۔ نغمہ سرود راگ۔

رامی ع۔ تیر۔ انداز۔

ران ف۔ جانگھ۔ ران۔

راندن ف۔ ہانکنا۔ چلانا۔

راوی ع۔ کہانی کہنے والا روایت کرنیوالا۔ سیراب ہونیوالا۔

راہ ف۔ راستہ۔ راہ۔

راہب ع۔ زاہد گوشہ نشین۔ پادری عیسائیوں کا۔

راہبر ف۔ راہ بتلانیوالا۔

راہ بردن ف۔ سفر کرنا۔

راہ دادن ف۔ اجازت دینا منظور کرنا۔

راہدار ف۔ نگہبان۔ سڑک کا چور بھی کہتے ہیں۔

راہداری ف۔ چوکیداری راہ یا سڑک کی۔

راہن ع۔ گرو رکھنے والا کسی چیز کا۔

راہنما ف۔ راہ دکھانیوالا۔

راہوار ف۔ رفتار گھوڑوں کی اور گھوڑا۔

راہی ف۔ مسافر راہ چلنے والا

رائی ف۔ عقل۔ تجویز خیال دانائی۔

رایات ع۔ جمع رایت کی۔

رایت ع۔ نیزہ علم لشکر کا جھنڈا۔

رائج ع۔ جاری ہو شے پھیلی ہوئی ہو۔

رائحہ ع۔ بو۔ خوشبو۔ سگندھ۔

رائق ع۔ پانی جاری اور صاف لطیف شے۔

رائیگان ف۔ مفت۔ بیعوض

رب ع۔ پروردگار پالنیوالا۔

رُباف۔ لے جانے والا۔

ربواع۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

رباب ع۔ نام ایک مشہور ساز کا

رباط ع۔ سرائے مسافرخانہ

رباعی ع۔ چار مصرعہ جو اوزان مخصوص پر ہوں۔

ربنا ع۔ اے پروردگار ہمارے

ربانی ع۔ منسوب برب۔

ربائیدن ف۔ اچک کر لیجانا۔

ربح ع۔ نفع۔ سود۔ فائدہ جو تجارت میں ہوتا ہے۔

ربط ع۔ لگاؤ۔ علاقہ۔

ربع ع۔ چوتھائی۔ $\frac{1}{4}$۔

ربع مسکون ع۔ چوتھائی زمین جو انسان سے آباد ہو۔

ربقہ ع۔ حلقہ رسی کا۔

ربوبیت ع۔ پروردگاری۔ خدائی۔ خداوندی۔

ربودن ف۔ اچک لینا

ربوہ ع۔ تودہ اونچی زمین۔

ربیب ع۔ پلا ہوا لڑکا پہلے خصم کے تخم کا لڑکا۔

ربیبہ ع۔ وہ لڑکی جو اگلے خاوند کے تخم سے ہو اور دوسرے خصم کے گھر میں ہمراہ اپنے کوئی عورت لے آوے۔

ربیع ع۔ موسم۔ بہار۔ جیٹھ۔

ربیع الآخر ع۔ چوتھا مہینہ قمری مسلمانوں کا۔

ربیع الاول ع۔ تیسرا مہینہ۔

قمری مسلمانوں کا۔
رتبہ ع۔ درجہ۔ مرتبہ
رتق ع۔ باندھنا۔
رجا ع۔ امید بھروسہ امید رکھنا۔
رجال ع جمع رجل کی مردمان
رجب ع۔ ساتواں مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
رجز ع۔ نام ایک بحر کا ہے۔ ۱۹ بحروں سے اسکا وزن چھ دفعہ مستفعلن ہے۔
رجع ع۔ لوٹنا پھرنا۔ واپس ہونا
رجعت ع۔ بازگشت یادداشت مرد کیطرف عورت مطلقہ کے۔
رجل ع۔ مرد۔
رحی ع۔ چکی۔ آسیا۔
رحلت ع۔ کوچ کوچ کرنا۔
رحم ع۔ مہربانی کرنا۔
رحم ع۔ بچہ دان۔
رحمن ع۔ مہربانی کرنیوالا۔
رحمت ع۔ مہربانی۔ دیا۔
رحیل ع۔ کوچ
رحیم ع۔ مہربانی کرنیوالی۔
رخ ف۔ منہ۔ رو۔ چہرہ۔
رخام ع۔ سنگ سفید اور نرم جو سنگ مرمر سے اول قسم ہوتا ہے
انگریزی میں اسکو الاباسٹر کہتے ہیں۔
رخت ف۔ اسباب سامان
رخسار ف۔ گال۔ گلہ۔
رخشان ف۔ چمکتا ہوا۔
رخشیدن ف۔ چمکنا۔
رخصت ع۔ چھٹی۔
رخنہ ف۔ سوراخ دیوار کا۔
رد ع۔ نہ ماننا۔
رداء۔ چادر۔ چدّر
ردائت ع۔ ذلیل ہونا فاسد ہونا۔ ردی ہونا۔
ردی ع۔ بگڑا۔ ناقص
ردیف ع وہ شخص جو ایک گھوڑے پر کسی سوار کے پیچھے سوار ہو اور وہ لفظ مکرر جو غزل کے آخر میں آوے۔
رذیل ع۔ فرمایہ۔ کمینہ۔
رذیلہ ع۔ نالائقی۔ فرمایہ۔
رز ف۔ انگور کا درخت انگور
رزاق ع۔ رزق دینے والا خدائے تعالے۔
رزانت ع۔ گرانباری بہادری پن۔ بہادری پرکم ہونا۔
رزیا ع۔ مصیبتیں جمع رزیہ کی۔
رزق ع۔ خوراک کھانا روزی
رزم ف۔ جنگ۔ لڑائی۔
رزمگاہ۔ لڑائی کا میدان جنگ کی جگہ۔
رزین ع۔ محکم۔ استوار آرام
رس ف۔ پہنچ پہنچنے والا۔
رسا ف۔ پہونچنے والا۔
رسالہ ع۔ رسالہ سواروں کا
رسان ف۔ پہونچنے والا۔
رسانیدن ف۔ پہنچانا۔
رسائل ع جمع ہے رسالہ کی۔
رسائی ف۔ پہنچ۔
رست ف۔ اوگا۔ درخت کا اوگنا۔
رستخیز ف۔ قیامت۔
رستگار ف۔ خلاصی پانیوالا۔
رستن ف۔ چھوٹنا۔
رستن ف۔ اگنا۔
رستنی ف۔ گھاس پات۔
رسد ف۔ سبزہ ار عبور کرنا۔ متوجہ ہونا۔
رسغ ع۔ پہنچا ہاتھ کا۔
رسل ع جمع ہے رسول کی۔
رسم ع۔ ریت دنیا کی ریت۔
رسم الخط ع۔ لکھنے کی ریت
رسمی ع ریت والی چیز دستور کی بات۔ نوکر خواج گذار۔
رسمیات ع۔ جمع ہے رسمی کی
رسن ف۔ رسی۔
رسوا ف۔ ذلیل۔ خوار۔
رسوائی ف۔ ذلت۔ خواری۔
رسوخ ع۔ مضبوطی محکمی۔
رسول ع۔ نبی جو کتاب لے کر خدا کی طرف سے آوے۔
رسوم ع۔ جمع ہے رسم کی۔
رسیدن ف۔ پہنچنا۔
رسیدگی ف۔ بلوغت۔
رشادت ع۔ ہدائت۔
رشتن ف۔ کاتنا۔
رشتہ ف۔ دھاگا۔ تاگا۔
رشتہ دار ف۔ ناطے والے
رشد ع۔ ہدائت۔
رشک ف۔ حسد۔ ڈاہ
رشوت ع۔ گھونس لینا۔ کسی مقدمہ میں کچھ نقد یا جنس کا لینا۔
رشید ع۔ ہدایت کیا ہوا۔
رصاص ع قلعی۔ رانگا ارزیز
رصد ع۔ جنتر منتر۔ مقام تاروں کے دیکھنے کا چبوترہ۔

رضاء. خوشنودی. خوشی.
خوش ہونا.
رضاعت ع. بچوں کو دودھ
پلانا شیر خوار بچوں کو دودھ پلانا.
رضیع ع. ہمشیر یعنی دو بچے
جنہوں نے ایک ماں کا دودھ
پیا ہو. اور وہ دونوں آپس میں
رضیع کہلاتے ہیں.
رضیہ ع. راضی گئی. رضامند گی
کی گئی.
رطب ع. تر اور خرما. تازہ
رطوبت ع. تری. نمی
رعاف ع. نکسیر وہ خون جو
ناک سے جاری ہوتا ہے.
رعایا ع. رعیت کی جمع
رعایت ع. نگہبانی کسی چیز
کی کرنا. لحاظ کرنا. طرف داری
کرنا.
رعب ع. خوف. ڈر.
رعد ع. کڑک بجلی کی.
رعشہ ع. کپکپی وہ بیماری جس
سے ہاتھ پاؤں بے ارادہ
لرزتے ہیں.
رعنا ع. رنگ برنگ زیبا
خود آرا.

رعونت ع. غرور. نادانی
سرکشی اور خود آرائی.
رعیت ع. پرجا دنیا کے
لوگ جو ماتحت کسی حاکم کے
ہوں.
رغبت ع. خواہش توجہ دلی.
رغیف ع. روٹی
رفادہ ع. پٹی زخم کی فصد کے بعد
جو پٹی باندھتے ہیں.
رفاقت ع. ہمراہی. رفیق ہونا.
رفاہ ع. آرام. فراخی عیش
کی آسانیت
رفت ف. گیا. رفتار
رفتار ف. چال.
رفتن ف. جانا. چلنا
رفتن ف. بہارنا جھاڑنا
رفرف ع. بازو پھڑپھڑانا جانور
کا اڑنے واسطے طاق. جامہ
سبز تکیہ. خیمہ نام مقام اسرافیل
فرشتہ کا.
رفض ع. چھوڑنا ترک کرنا.
رفع ع. بلند کرنا. اٹھانا.
رفعت ع. بلندی.
رفق ع. ملاطفت اور نرمی
رفقاء. جمع ہے رفیق کی ساتھی

راہ کا ہم سفر.
رفو ع. درست کرنا کپڑا پھٹا ہوا
اور جوڑنا درست کرنا سوت سے
رفیع ع. بلند بڑے مرتبے والا
رفیق ع. ساتھی ہم سفر درخت
رق ع. بندگی. غلامی.
رقاب ع. جمع رقبہ کی گردن
رقابت ع. رقیب ہونا.
رقاص ع. ناچنے والا.
رقاع ع. جمع ہے رقعہ کی پیوند
چھترے.
رقائم ع. جمع رقیمہ کی.
رقباء. جمع ہے رقیب کی.
رقبہ ع. گردن.
رقت ع. باریکی. پتلاپن.
رقص ع. ناچ
رقصیدن ف. ناچنا
رقعہ ع. پیوند چھترا خط چٹھی
رقم ع. لکھنا ہندسہ روپیہ کا.
رقوم ع. جمع ہے رقم کی.
رقیب ع. نگہبان پاسبان وہ
شخص جو ایک معشوق پر عاشق
ہوں ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے
رقیق ع. پتلا. باریک
رقیمہ ع. لکھت. خط

رکاب ع. حلقہ لوہے کا جو
کاٹھی میں گھوڑے پر باندھتے
ہیں. پیالہ دراز بہشت پیغمبر اور
مجازاً پیالہ دار.
رکابدار ف. باورچی.
رکابی ف. برتن دراز منسوب
رکاب سے چھوٹا طباق.
رکاکت ع. سستی. ضعیفی
باریکی. بے عزتی.
رکبہ ع. زانو. گھٹنا.
رکن ع. ستون. کھمبہ.
رکوب ع. سوار ہونا.
رکیدن ف. غصے میں چپکے
چپکے بڑبڑانا.
رکیک ف. سست. ضعیف
رکین ع. محکم استوار مرد آسودہ.
رگ ف. ناڑی. نس.
رم ف. بھاگنا.
رمہ ف. ریوڑ بکریوں کا گھوڑوں کا.
رماح ع. جمع ہے رمح کی نیزہ
رمال ع. جمع رمل کی ریت کا جنگل
رمان ع. انار مشہور میوہ ہے.
رمانیدن ف. بھگانا.
رمائم ع. جمع رمیمہ کی بوسیدہ
رمح ع. نیزہ. بھالا.

رمدء۔ بیماری آنکھ کی سُرخ ہوجانا۔ سفیدی چشم کا۔
رمزء۔ اشارہ پوشیدگی۔
رمضانء۔ جلانیوالا نویں مہینہ قمری کا نام جسمیں مسلمان
رمق روزہ رکھتے ہیں۔
رملء۔ ریت نام ایک بحر کا ہے اوسمیں بحر عروض سے
رمنہ ف۔ چراگاہ وہ مقام جہاں ہرن چرتے ہیں۔
رموزء۔ جمع ہے رمز کی۔
رمیدن ف۔ بھاگنا وحشت کرکے بھاگ جانا۔
رمیمء۔ بوسیدہ۔ کہنا
رنج ف۔ تکلیف۔ دُکھ۔
رنجانیدن ف۔ دُکھ دینا رنجیدہ کرنا۔ خفا کرنا۔
رنجش ف۔ رنج۔ دُکھ
رنجور ف۔ بیماری اسکی اصل رنج ہے۔
رنجہ ف۔ تکلیف دکھ رنج ہے۔
رنجیدن ف۔ آزردہ ہونا۔
رند ف۔ منکر۔ دانا جو عقل کے سبب منکر ہو۔ نہ جہل سے آزاد۔ شروع سے بے قید آدمی بے باک آدمی۔
رندش ف۔ ریزے لکڑی یا تانبے یا دھات وغیرہ کے بسبب چھلنے کے گرتے ہیں۔
رندہ ف۔ اوزار ہے جس سے بڑھئی تختہ لکڑی صاف کرتا ہے۔
رنگ ف۔ اس لغت کے سو معنی ہیں۔ برہان قاطع میں مفصل لکھتے ہیں۔ اور عام معنی سب لوگ جانتے ہیں۔
رنگریز ف۔ رنگنے والا کپڑوں کا
رنگین ف۔ رنگ کیا ہوا۔
رو ف۔ رُخ چہرہ وجہ سبب
روابطء۔ جمع رابطہ کی باندھنے والی چیزیں۔
رواجء۔ عام دستور
رواحلء۔ جمع راحلہ کی۔ سواریاں۔
روا داشتن ف۔ جائز رکھنا
روافضء۔ جمع رافضی کی
رواقء۔ چھجہ مکان
رواں ف۔ جاری
رواں ف۔ جان۔

روایتء۔ کسی بات کی نقل کرنا یا کسی کی بات کہنا۔
روائحء۔ جمع رائحہ کی۔
روبان ف۔ جھاڑ دینے والا جھاڑتا ہوا۔
روباہ بازی ف۔ لومڑی
روبرو ف۔ سامنے۔
روبکار ف۔ سامنا وہ کاغذ جس میں فیصلہ لکھا جاوے۔ روبرو حاکم کے۔
روبکاری ف۔ روبکار۔
روپوش ف۔ چھپا ہوا جو شخص چھپ جاوے۔
روبہ ف۔ لومڑی۔
روبیدن ف۔ جھاڑو دینا بہارنا۔
روحء۔ جان۔ بولنا۔
روحانیء۔ روح کا۔
روح الامینء۔ نام ہے جبرائیل کا۔
روح القدسء۔ وہ روح جو حضرت عیسےٰ پر نازل ہوئی تھی۔
روح اللہء۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام۔
روح حیوانیء۔ حیوانات کی روح۔
روح نباتیء۔ نباتات کی روح
رود ف۔ ندی۔ نالہ
روداد ف۔ کیفیت۔ حال۔
روداون ف۔ واقع ہونا۔ ہوجانا۔ ایک بات کا ظاہر کرنا۔
رودبار ف۔ نہریں۔ جہاں پر بہت نہریں جاری ہوں۔
رودہ ف۔ تانت۔ انتڑی
روز ف۔ دن۔
روزمرہ ف۔ ہمیشہ ہر روز
روزنامچہ ف۔ وہ کتاب جس میں ہر روز کا حساب لکھا جاتا ہے۔ اور روزنامہ
روزہ ف۔ بھوکا پیاسا تمام دن رہنا۔ اور واہیات کام نہ کرنا۔
روزی ف۔ رزق۔
روزینہ ف۔ ہر روز کا خرچ جو روزمرہ ملتا ہے۔
رؤسء۔ جمع راس کی سر بہت سے سردار۔
رؤساء۔ جمع ہے رئیس کی۔

سردار لوگ
روستائی روتا۔ ف۔ دہقان
گنوار
روسیاہ ف۔ کالا منہ وہ
شخص جو گنہگار ہو۔
روش ف۔ طور۔ طریقہ ڈھنگ
روشن ف۔ چمکتا ہوا۔
روشنی ف۔ چمکنا۔ چمک
روضہ ع۔ باغ۔ باغیچہ
روغن ف۔ تیل۔
روگردانی۔ ن۔ ف۔ نہ
ماننا۔ منہ پھیرنا۔
رومال ف۔ وہ کپڑا جس سے
منہ پونچھتے ہیں۔
رونق ف۔ چمک۔ زیبائش
روئیدن ف۔ اُگنا درخت کا
روئیں ف۔ دھات کانسی یا
پیتل کی شے
روئے۔ ف۔ منہ۔ چہرہ
رویا ع۔ خواب سپنا
رویت ع۔ دیکھنا۔ نظر آنا۔
روئیداد ف۔ حال۔ کیفیت
رہ ف۔ راستہ۔ راہ
رہا ف۔ چھوٹا ہوا۔ آزردہ
رہاندن ف۔ چھوڑنا رہائی

لانا
رہائی ف۔ چھٹکارا۔
رہبان ع۔ جمع ہے راہب
کی۔ زاہد نصاریٰ یا ترسا کا۔
رہبانیت ع۔ جتی ہونا جورو نہ
کرنا۔ بسبب زہد کے۔
رہبر ف۔ راہ نما۔ ہادی
رہزن ف۔ لٹیرا جو راہ میں
لوٹتا ہو۔
رہگذر ف۔ راہ عام سڑک
رہن ع۔ مال یا زمین گرو رکھنا۔
راہ نما ف۔ راہ دکھلانے والا
راہبر۔
راہوار ف۔ گھوڑا فراخ قدم رفتار
رہیدن ف۔ چھٹکارا پانا
رہین ع۔ وہ شے جو گرو میں رکھی ہو
ریا ع۔ ظاہرداری دل میں جو بات
ہو اسکو برخلاف کرکے دکھلانا۔
ریاح ع۔ جمع ہے ریح کی ہوا آندھی
ریاحین ع۔ پھول خوشبودار
نباتات جمع ہے ریحان کی
ریاست ع۔ سرداری
ریاض ع۔ باغ جمع ہے روضہ
ریاضت ع۔ محنت کرنا۔
ریاضی ع۔ وہ علوم عقلی جو وجود

خارج میں محتاج مادہ ہیں چنانچہ
مقدار عدد کے مادیات
پائی جاتی ہیں۔
ریاکار ف۔ فریبی۔ ریا کرنیوالا
منافق۔
ریان ع۔ سیراب تروتازہ
ریب ع۔ بےشک
ریحان ع۔ پھول نباتات سبزہ
نازبو ہر گھاس خوشبودار
ریختن ف۔ ڈالنا۔ بکھیرنا۔
ریدن ف۔ ہگنا۔
ریزان ف۔ ڈالتا ہوا گراتا
ہوا۔ مثلاً اشکریزاں۔
ریزش ف۔ ڈالنا۔ گرانا
ریزہ ف۔ ٹکڑا۔ قطعہ۔
ریستن ف۔ حوض یا کنوئیں کے
اندر اترنا مایل دینا۔ نوحہ کرنا۔
ہگنا۔ پاخانہ پھرنا۔
ریسمان ف۔ سوت ڈورا
ریسیدن ف۔ کاتنا۔
ریش ف۔ پر مرغ کے۔ ڈاڑھی
[illegible]
ریشخند ف۔ مسخریہ ہنسی۔
ریشہ ف۔ تار سوت کے درخت
ریعان ع۔ شروع ہر چیز کا

ریق ع۔ تھوک۔ نہار
ریگ ف۔ ریت۔
ریم ع۔ پیپ
ریو ف۔ مکر۔ حیلہ۔ فریب
ریہ ع۔ پھیپھڑا جس سے حیوان
سانس لیتا ہے۔
رئیس ع۔ سردار

باب الزاء

زاج ف۔ پھٹکڑی
زاج ابیض پھٹکڑی سفید
زاحف ع۔ دشمن پر چڑھائی
کرنیوالا لشکر یا سردار۔
زاخر ع۔ دریا جو زور کرکے چڑھتا
ہے۔ موجزن۔
زاد ف۔ جنا پیدا کیا۔ توشہ
راہ خدا کا
زادبوم ف۔ وہ جگہ جہاں
آدمی پیدا ہو۔ جنم بھوم
وطن۔
زادہ ف۔ جنا ہو۔ پیدا ہوا
زادراہ ف۔ راہ خرچ توشہ
راہ کا۔
زادن ف۔ جننا۔
زار ف۔ جگہ اولے کی بہتایت

زار

زاری ف۔ رونا۔ عاجزی کرنا۔ ضعیفی

زاریدن ف۔ رونا۔

زاژ ف۔ خاردار گھاس جو اونٹ کھاتا ہے۔ بیہودہ بات۔

زاغ ف۔ کوا۔ کاک مشہور جانور ہے۔

زاک ف۔ پھٹکڑی۔

زال ف۔ بوڑھا سفید بالوں والا نام رستم پہلوان کے باپ کا

ژالہ ف۔ اولہ جو آسمان سے برستا ہے۔

زانو ف۔ گھٹنا۔

زانی ع۔ زنا کرنیوالا۔

زانیہ ع۔ زنا کرانیوالی عورت

زاویہ ع۔ گوشہ وہ خطوط مستقیم جو ایک نقطہ پر ملیں۔ ان کے ملنے سے جو کونا پیدا ہو اس کو زاویہ کہتے ہیں جیسے ب۔ زج۔ ج۔ ب۔ کا۔

زاہد ع۔ محنت کرنیوالا خدا کی راہ پر عبادت کرنیوالا۔ عام

زاہر ع۔ کھلا دل۔ روشن۔ بلند

زائیدگی ف۔ پیدائش۔

زائیدن ف۔ جننا۔ بچہ کو

زائچہ ف۔ جمع ہیترہ اور قرعہ اور قرعہ ڈال کر جو ریل کی شکلیں رمال لکھتے ہیں۔

زائد ع۔ بڑھا ہوا اعصاب سے افزون

زائر ع۔ زیارت کرنیوالا

زائل ع۔ دور ہونے والا۔ جاتا رہنے والا۔

زبان ف۔ بوٹی منہ میں جو زبان ہے

زباندار ف۔ وہ شخص جو بیہودہ بکے۔

زبان دادن ف۔ اقرار کرنا

زبان زدہ ف۔ مشہور۔

زبانہ ف۔ لپٹ آگ کی شعلہ۔

زباء۔ جھاگ۔ کف

زبدہ ع۔ چیدہ چنا ہوا۔

زبر ف۔ طاقتور اوپر والا زور والا

زبرجد ع۔ ایک قسم کا زمرد ہے سبز رنگ مائل بہ زردی ہوتا ہے

زبردست ف۔ غالب۔

زبردستی ف۔ زور کرنا۔ دھینگا دھینگی کرنا۔

زبور ع۔ نام اس کتاب کا ہے جو حضرت داؤد پر الہام ہوئی تھی۔

زبون ع۔ بدتر۔ بیوقوف

زبیب ع۔ اکھ۔ کشمکش۔ بیچارہ۔

زجاج ع۔ شیشہ گلاس کانچ

زجاجہ ع۔ کانچ شیشہ کا نام ایک گاؤں کا ہے۔ جو مصر میں ہے

زچہ ف۔ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔

زجر ع۔ جھڑکنا۔ روکنا۔ باز رکھنا

زحل ع۔ نام سیارہ کا جو مشہور ہے ہندی میں اسکو سنی اور سنیچر بھی کہتے ہیں۔

زحمت ع۔ تکلیف۔ دکھ۔ رنج

زحیر ع۔ بیماری شکم کی ہے مروڑا آنوں۔ لہو کے دست آنا۔

زخارف ع۔ جمع ہے زخرف کی جھوٹی باتیں جنکا ظاہر اچھا اور باطن برا ہو

زخرف ع۔ مزخرف وہ بات ظاہر کچھ باطن کچھ ظاہر آراستہ باطن خراب

زخم ف۔ گھاؤ۔ ریش۔

زخمہ ف۔ ساز بجانے کی چیز مضراب۔ ڈنکا وغیرہ۔

زد ف۔ چوٹ۔ مارا۔

زدہ ف۔ مارا ہوا۔ پیٹا ہوا۔

زداء ف۔ صاف کرنیوالا۔ پاک کرنا۔

زدوکوب ف۔ مار پیٹ مار کٹائی۔

زدن ف۔ مارنا۔

زدودن ف۔ صیقل کرنا۔

زر ف۔ سونا۔ روپیہ۔

زراعت ع۔ کھیتی کرنا۔

زرافہ ف۔ شتر گاؤ پلنگ کہتے ہیں۔ زرافہ بھی بولتے ہیں۔

زراندودن ف۔ بطلا کرنا۔ سونا چڑھانا۔ کسی چیز پر

زرباف ف۔ سنہری۔

زربفت ف۔ کپڑا چاندی اور سونے کے سوت کا بنا ہوا۔

زر جعفری ف۔ خالص سونا منسوب ہے جعفر برمکی وزیر سے جن کے حکم سے صاف سونے کا جاری ہو۔

زرد ف۔ پیلا۔

زردشت ف۔ نام ایک حکیم کا ہے جو نسل منوچہر اور شاگرد دفیثاغورث کا تھا۔ اس نے دعوئی نبوت کا کیا تھا اس نے ایک کتاب ژند بنا کر اپنی امت کو دی تھی۔

. . . .

زرداب ف۔ زرد پانی پیپ صفرا
زردآلو ف۔ خوبانی۔
زردچوب ف۔ ہلدی۔
زردک ف۔ گاجر۔
زردوزی ف۔ چاندی یا
سونے کی تاروں کا کام
زرسرخ ف۔ سونا۔
زرع ع۔ کھیتی۔ کھیتی کرنا۔
زرف ف۔ گہرا۔ ڈونگھا۔
زرقا ع۔ وہ عورت جسکی آنکھ میں
سبزی اور نیلاپن ہو۔ اور نام
ایک عورت عربی کا جو بہت تیز
نظر تھی۔
زرق ع۔ جھوٹ۔ مکر۔ نفاق
اور بہت چالاکی۔
زرقلب ف۔ کھوٹا سونا۔
زرگر ف۔ سنار۔
زرگری ف۔ سنار کا پیشہ۔
زرمغربی ف۔ خالص سونا۔
مجازاً آفتاب۔
زرنگار ف۔ سونے کے نقش
جس پر بنے ہوئے ہوں۔
زرنیخ ف۔ ہرتال۔
زرہ ف۔ چلتہ۔
زریں ف۔ سونیکا کام کیا ہوا۔

زشت ف۔ برا بھونڈا بدشکل
زعفران ف۔ کیسر۔
زعم ع۔ گمان۔
زغال ع۔ کوئلہ۔
زغن ف۔ چیل مشہور جانور ہے
زغند۔ ف۔ جست۔ کود۔ پھاند
کر بھاگنا۔
زفاف ع۔ دولہن کو دولہا کے
گھر روانہ کرنا۔ ہمبستر ہونا۔ دولہا
کا دولہن سے۔
زق ع۔ مشک مشکیزہ پانی وغیرہ کا۔
زقوم ع۔ درخت تھوہر کا۔
زک ع۔ ہرا دینا۔ الزام دینا۔
اصل میں آہستہ چلنا۔
زکام ف۔ سردی کی بیماری۔
ناک جس میں بہتی ہے۔
زکوۃ ع۔ چالیسواں حصہ مال
تمامی کا خدا کی راہ پر جو سالانہ
دیا جاتا ہے۔
زکی ع۔ پاک اور صاف اور
ذہین۔ عقلمند۔
زکیدن ف۔ آپ ہی آپ
قہر سے بولنا۔
زلات ع۔ لغزشیں۔
زلازل ع۔ زلزلے بھونچال جمع

زلزلہ کی۔
زلزلہ ع۔ بھونچال زمین کا زلزلہ
زلزال ع۔ ہلانا۔ زلزلہ کرنا۔
زلف ف۔ لٹ بال کی جو
معشوق چہرہ پر لٹکاتے ہیں۔
زلل ع۔ لغزش۔ نقصان۔
کجی ترازو کی جائے لغزش۔
زلوزلوک ف۔ جونک۔
زمام ع۔ باگ گھوڑے کی
نکیل اونٹ کی۔
زمان ع۔ وقت۔ عرصہ زمانہ
زمانہ ع۔ وقت۔
زمانیاں ف۔ زمانے کے
لوگ جو قدیم نہیں ہیں۔
زمانی ف۔ زمانہ کا نو پیدا
جو قدیم نہ ہو۔
زمخت ف۔ بے مزہ کسیلا۔
زمرد ف۔ سبز زمرد کے رنگ کا
زمردیں ف۔ سبز زمرد کے
رنگ کا۔
زمرہ ع۔ جماعت گروہ آدمیوں کا
زمزمہ ف۔ راگ گیت۔
زمزم ع۔ ایک کنواں ہے
کعبہ کے پاس۔
زمستان ف۔ جاڑا۔ سیال۔

زمم ع۔ استوار اور ارادہ۔
زمن ع۔ زمانہ اور وقت۔
زمہریر ع۔ سخت جاڑا۔ کرہ ہوا کا
ایک طبقہ جو بہت سرد ہے۔
زمین ف۔ وہ کرہ جس پر ہم
رہتے ہیں۔
زمیندار ف۔ کسان مالک زمین کا
زن ف۔ عورت۔ جورو۔
زنا۔ حرام کاری کسی کی جورو یا
کسی غیر محرم عورت سے صحبت کرنا۔
زنار ف۔ جنیو وہ دھاگہ جو ہندو
لوگ گلے میں رکھتے ہیں۔
زنبور ف۔ بھڑ۔ مشہور ڈنک
مارنیوالی مکھی ہے سنڈاسی آگ
پکڑنے کا اوزار۔
زنبورک ف۔ چھوٹی توپ
زنبیل ع۔ ٹوکرا۔ جھولی بھیک
کا کاسہ۔
زنجار ف۔ زنگار
زنجبیل ع۔ سونٹھ سوکھی
ہوئی ادرک۔
زنجیر ف۔ کنڈی۔ کڑی۔
سلسلہ لوہے کا۔
زنخ ف۔ ٹھوڑی۔ طعنہ بیہودہ
زنخدان ف۔ ٹھوڑی۔

زن خواستن ف۔ عورت کرنا
نسبت یا منگنی کرنا۔
زند ف۔ نام اس کتاب کا ہے
جو کہ زردشت نے لوگوں کو بنا کر
دی تھی۔ اور دعویٰ کیا تھا کہ
خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے بزرگ
زندان ف۔ قید خانہ بندی خانہ
زندانیان ف۔ قیدی لوگ
مقیم آدمی جو بند ہوئے جیلخانہ
کے ہیں۔
زندگانی زندگی ف۔ زندگی
جینا۔
زند دست ف۔ بازو کی ہڈی
زندہ ف۔ جیتا ہوا۔ جاندار
ژندہ ف۔ خرقہ پارہ کہنہ ہر شئے
بڑی اور عظیم اور خوفناک چنانچہ
ژندہ فیل بڑا ہاتھی۔
زندیق ع معرب زندیک کا
ہے۔ زند کتاب زردشت اور یائے
نسبت اور کاف تصغیر کے معنی
دیتا ہے۔ مراد بے دین کافر
بے ایمان۔
زنگ ف۔ گھنٹہ۔ گھنٹا۔ ناقوس
نام ملک ہے میل لوہے وغیرہ کا
زنگولہ ف۔ جھانجھ۔ ایک
مقام کا۔ موسیقی میں ایک طرح
کا گھونگرو ہوتا ہے۔ جو ناچنے
کے وقت پہنتے ہیں۔ تاکہ آواز ہو
زنگی ف۔ ملک زنگ کا حبشی
زنہار ف۔ امان۔ بچاؤ۔ پناہ
زو ف۔ اس کی اصل آرزو
ہے۔
زواجر ع۔ موانع روکنے والیاں
زوال ع۔ جاتا رہنا۔
زواہر ع۔ جمع ہے زاہر کی بمعنی
روشن۔ کھلا ہوا پھول۔
زوایا ع۔ جمع ہے زاویہ کی
گوشے کونے۔
زواید ع۔ جمع زاید کی وہ اشیاء
مطلب سے بڑھی ہوں۔
زوج ف۔ جوڑا۔ جفت
خواہ مرد یا عورت۔
زوجہ زوجہ ع۔ جورو عورت
نکاحی جس سے شادی ہوئی ہو
زود ف۔ جلد شتاب۔
زودی ف۔ شتابی جلدی۔
زور ع۔ جھوٹ۔ فریب۔
زورق۔ چھوٹی کشتی۔
زورمند ف۔ طاقتور زور والا۔
زورہ ف۔ ریڑھ کمر کی ہڈی۔
ژولیدن ف۔ الجھنا۔
ژولیدہ ف۔ الجھا ہوا۔
زہ ف۔ شاباش جیتا بچہ کا۔
بدلہ نیک چلہ کمان کا کنارہ نطفہ
زہاد ع۔ زاہد لوگ عابد۔ لوگ۔
بہشتی۔
زہادت ع۔ زہد کرنا تقویٰ
اور گلزار پرہیزگاری۔
زہد ع۔ پرہیز کرنا تقویٰ کرنا
تپسیا کرنا۔
زہدان ف۔ بچہ دان رحم عورت
جس میں بچہ رہتا ہے۔
زہر ع۔ شگوفے کلیان۔
زہر ف۔ بس۔
زہرہ ع۔ نام ہے ایک ستارہ
کا جسکو لوگ سوک کہتے ہیں
زہرہ ع۔ پتہ۔
زہے ف۔ آفرین۔ شاباش۔
کلمہ تحسین کا ہے۔
زہیدن ف۔ خوش کرنا باہر آنا
زہیر ع۔ کھلا ہوا تابان روشن
زہی ف۔ اندازہ حد طرف۔
زیادت ع۔ زیادتی افزونی
زیادہ ع۔ بہت۔ افزون۔
زیادہ سری ف ع۔ غرور سرکشی۔
کڑواپن۔
زیارت ع۔ ملاقات کرنا کسی
بزرگ آدمی وغیرہ کو دیکھنا۔
زیان ف۔ نقصان۔ ہرج۔
ژیان ف۔ غصہ کا بھرا ہوا تند خو
زیب ف۔ زینت۔ زیبائش۔
زیبا ف۔ لائق آداب۔
زیت ع۔ روغن۔ زیتون۔
زیبائش ف۔ زیبائی خوبصورتی۔
زیبق ع۔ پارہ۔
زینت ع۔ زیبائش آراستگی
سجیلا پن۔
زیبیدن ف۔ زیبا ہونا آراستہ ہونا
زیج ف۔ نجومیوں کی کتاب۔
جس میں حرکت افلاک اور کوا
کب کی لکھی جاتی ہے۔
زیر ف۔ نیچے۔ کمزور۔
زیر بند ف۔ ایک تسمہ جو گھوڑے
کے نیچے باندھا جاتا ہے۔
زیراکہ ف۔ واسطے۔
زیر بار ف۔ نیچے بوجھ کے تھکا
ہوا جسپر بوجھ پڑا ہوا ہو۔
زیرک ف۔ دانا۔ عقلمندی
زیرکی ف۔ دانائی۔
زیروزبر ف۔ نیچے اوپر الٹ پلٹ

زیرین ف۔ نیچے کا۔
زیرہ ف۔ نام ایک مصالح کا
زلیست ف۔ زندگی جینا
زیستن ف۔ جینا۔
زین ف۔ آراستگی خوبی۔
زین ف۔ گھوڑے کا زین۔
زینہار ف۔ پناہ امان ترک
کرنا عہد و پیمان کا۔ ہرگز۔
زینہ ف۔ سیڑھی۔
زیور ف۔ اُبھرن۔ گہنا جو
عورتیں پہنتی ہیں۔

باب السین

ساف۔ مانند۔ مشابہ
سابع ع۔ ساتواں حصہ $\frac{1}{7}$
سابغ ع۔ پورا کامل وسیع۔
سابق ع۔ اگلا بڑھا ہوا۔
سبقت لے جانیوالا۔
سابقا ع۔ پہلے اول دفعہ۔
سابقہ ع۔ اگلی پہلی عورت۔
سابقین ع۔ اگلے زمانے
کے لوگ پرانے وقت کے لوگ۔
ساتر ع۔ ڈھکنے والا پردہ
کرنے والا۔
ساج ع۔ سال کا درخت توا

وہ قی پکانیکا ایک پرند کا نام
ساجد ع۔ سر جھکانے والا
سجدہ کرنیوالا۔
ساجع ع۔ گانے والا پرند
بلبل وغیرہ قافیہ دار بولنے والا
ساچق ع۔ ایک رسم شادی کے کچھ
تھلیاں میوہ اور شیرینی کی اور
لباس دلہن کا اور نقل وغیرہ دولہا
کے گھر سے دولہن کے گھر لیجاتے
ہیں۔ اس کو ساچق کہتے
ہیں۔
ساحت ع۔ میدان۔ ڈگر
آنگن صحن مکان کا۔
ساحر ع۔ جادوگر۔
ساحق ع۔ پیسنے والا۔ رگڑنے
والا۔
ساحل ع۔ کنارہ دریا کا۔
ساختن ف۔ موافقت
کرنا۔ بنانا۔
ساخت ف۔ بناوٹ بنانا۔
ساخر ع۔ تابع کرنیوالا لوگوں کو اپنی
طرف مائل کرنیوالا۔
سادات ع۔ جمع ہے سید کی۔
سادس ف۔ چھٹا حصہ $\frac{1}{6}$
سادگی ف۔ صفائی بے لیپ

ٹاپ
سافج ف معرب ہے سادہ کا
ساز ف۔ سرپرندہ خوش آلہ
ساز اشتر اونٹ۔ انبوہ۔
ساربان ف۔ نگہبان۔
شتر صاحب۔
سارق ع۔ چور دزد۔
ساری ع۔ سریان کرنے والا۔
گھسنے والا۔
ساز ف۔ بناؤ یا جا سفر کا۔
تجمل سامان استعداد۔
سازش ف۔ لگاؤ میل اتفاق
سازگار ف۔ مبارک فائق۔
سازیدن ف۔ سازش کرنا
موافقت راست کرنا۔
ساس ف کھٹمل مشہور بو دار
کیڑا ہے جو چارپائی میں ہوتا
ہے۔ خوشامد۔
ساطع ع۔ بلند چمکتا ہوا۔
ساطور ع۔ چھرا۔ بغدا۔
ساعات ع۔ جمع ساعت کی۔
ساعت ع۔ ڈھائی گھڑی
$\frac{1}{2}$ ۲ گھڑی۔ گھنٹہ۔
ساعد ع۔ بازو۔
ساعی ع۔ کوشش کرنے

والا۔ چغل خور۔
ساغر ع۔ پیالہ شراب کا
سافر ع۔ سفر کرنیوالا۔
سافل ع۔ نیچے والا زیر۔
ساق ع۔ پنڈلی۔
ساقط ع۔ گرنیوالا گرا ہوا نکما
ساقی ع۔ شراب پلانیوالا۔
ساکب ع۔ گرا لینے والا
پانی یا خون۔
ساکت ع۔ خاموش چپکا۔
ساکن ع۔ ٹھیرا ہوا۔ بیحرکت۔
سال ف۔ برس۔ بہمیت
سالار ف۔ سالار۔ سردار
سالانہ ف۔ برس بھر کا برسی
سالب ع۔ نفی کرنے والا
مٹانے والا۔
سالخوردہ ف۔ بوڑھا۔ کہنہ
سال شمسی ف۔ وہ برس
جو سورج کی چال پر حساب
کیا جاتا ہے۔
سالف ع۔ اگلے قدیم جو
پہلے گذر گیا۔
سال قمری ف چاند کی چال
پر جو برس شمار کیا جاتا ہے۔
سالک ع۔ راہ چلنے والا۔

خدا دوست ۔
سالکان ف ۔ جمع سالک کی
سالم ع ۔ ثابت ۔ پورا ۔
سالوس ف ۔ فریبی زبان
دراز ۔ مکار ۔
سالوسی ف ۔ چرب زبانی
مکر کرنا ۔ فریب کرنا ۔
سام ع ۔ نام ہے حضرت نوح
کے بیٹے کا ۔
سامان ف ۔ اسباب تیاری
کی چیزیں ۔
سامح ع ۔ چشم پوشی کرنے والا ۔
سامانچہ ساماچہ ف ۔ سینہ
بند عورتوں کی انگیا ۔
سامع ع ۔ سننے والا ۔
سامعہ ع ۔ کان ہیں جو طاقت سننے
کی ہے ۔
سامی ع ۔ بلند ۔ اونچا ۔
سان ف ۔ طرز ۔ روش ۔
رسم ۔ عادات ۔
سانح ع ۔ ظاہر ہونے والا ۔
پیش آنیوالا بائیں طرف سے
جو شکار آجاوے ۔
سائی ف ۔ رگڑ ۔
سائبان ف ۔ چھپر آفتاب گیر ۔
جو دھوپ سے بچادے ۔
سائر ع ۔ تمام سیر کرنیوالا ۔
سایہ ف ۔ چھاؤں ۔
سائیدن ف ۔ پیسنا ۔
سائیس ع ۔ نگہبان گھوڑے
کا صحیح سئیس ہے ۔ یا سائیس
. . . .
سب ع ۔ گالی ۔ برا کہنا ۔
سبابہ ع ۔ پہلی انگلی ہاتھ کی
انگوٹھے کے ساتھ والی ۔
سپارش ف ۔ کسی کے حق میں
سعی کرنا ۔
سپارس ف ۔ تعریف کرنا
حمد سرائی کرنا ۔
سباسب ع ۔ زمین ہموار ۔
سباع ع ۔ درندے شیر بھیڑیے
وغیرہ کی قسم ہے ۔
سباک ع ۔ سکہ ڈھالنے والا
روپیہ اشرفی بنانیوالا ۔
سپاہ ف ۔ فوج ۔
سبب ع ۔ وجہ باعث ۔ رسی
سبت ع ۔ ہفتہ کا دن ۔
سنیچر کا دن ۔
سبحان ع ۔ پاک ۔
سبحان اللہ ع ۔ پاک ہے ۔
اللہ یا پاکی سے کرتا ہوں خدا کو ۔
سبحہ ع ۔ سمرن ۔ تسبیح
سبد ع ۔ ٹوکرا ۔ ٹوکری ۔
سپر ف ۔ ڈھال ۔
سپر انداختن ف تابع ہوجانا
حکم ماننا ۔ ہار جانا ۔
سپردن ف ۔ کسی کے قبضہ میں دینا
یا ہونا ۔
سپردنی ف ۔ لائق سپرد کرنیکے ۔
سپری شدن ف ۔ پورا ہونا ۔
سبز ف ۔ ہرا ۔
سبزہ سبزی ف ۔ ہریالی
گھاس وغیرہ کی ۔
سبط ع ۔ قوم ۔ قبیلہ ۔ بیٹے
کی اولاد ۔
سبع ع ۔ سات ۔ ۷
سبعین ع ۔ ستر ۔ ۷۰
سبق ع ۔ پڑھنا بڑھوتری
سبقت ع ۔ بڑھوتری ۔ آگے
جانا ۔
سبک ع ۔ ڈھالنا سکہ کا ۔
سبک ف ۔ ہلکا ۔
سبکی ف ۔ ہلکاپن ۔
سبکتگین ف نام ہے خراسان
کے بادشاہ کا ۔
سبل ع ۔ سرخی جو آنکھوں میں
پیدا ہوجاتی ہے ۔ یا ٹیڑھا بال
جو آنکھ کے اندر پیدا ہوجاتا
ہے ۔ اور چبھتا رہتا ہے ۔
سبلت ع ۔ مونچھ ۔
سپس ۔ بعد ۔ پیچھے ۔
سپنج ف ۔ مہمان ۔ عاریت
چراگاہ ۔ جانور ۔
سپنجی سرائے ف ۔ جھونپڑا
چرواہوں رکھوالوں کا جو کھیت
میں بنالیتے ہیں اصل سہ و پنج
کے معنی تین یا پنج ہیں یعنی وہ
مقام جسکو قیام نہ ہو ۔ مراد
دنیا ۔
سبو ف ۔ ٹھلیا ۔ گھڑا ۔
سپوختن سپوزیدن ۔ ف ۔
چبھونا ۔
سبوس ف ۔ چھان گندم وغیرہ
کے آٹے کا چوکر بھوسی ۔
سبوسہ ع ۔ بفا جو سر میں ہو
جاتی ہے ۔
سپاہ ف ۔ فوج ۔
سپہر ف ۔ آسمان ۔
سپید ف ۔ بگا ۔ چٹا ۔ سفید ۔
سپیدہ دم ف ۔ صبح تڑکا ۔

سپارہ ف۔ تیسواں حصہ $\frac{1}{30}$

سبیل ع۔ راہ۔ راستہ سڑک

ست ع۔ چھ۔

ستار ف۔ ستائش تعریف کرنا۔ شکر۔ نعمت۔

ستار ف۔ ایک باجا مشہور ہے۔

ستارہ ف۔ تارا جو آسمان میں چمکتا ہے۔

ستارہ ومدار ف۔ ستارہ پونچھ والا۔ دم والا ستارہ

سپردن ف۔ سونپنا۔

ستان ف۔ جا لیتا ہوا جس جگہ بہت انبوہ کسی چیز کا ہو۔

ستاندن ف۔ لینا۔

ستائیدن ف۔ سراہنا۔

ستائش ف۔ تعریف کرنا حمد۔ دعا۔ شکر۔

ستبر ف۔ موٹائی۔

ستبری ف۔ موٹائی گاڑھا پن

ستدن ف۔ لینا۔

ستر ف۔ مخفف۔

ستر ع۔ پردہ۔ چھپانا۔

ستردن ف۔ صاف کرنا۔

سترگ ف۔ بڑے جسم کا آدمی۔ قوی ہیکل۔

ستم ف۔ ظلم بے انصافی۔

ستم رسیدہ ف۔ مظلوم جس پر ظلم ہوا ہو۔

ستمگار ف۔ ظالم۔

ستودن ف۔ تعریف کرنا۔

ستودہ ف۔ سراہا ہوا تعریف کیا ہوا۔

ستور ف۔ چوپایہ۔ گھوڑا۔ خچر مجازاً گدھا۔

ستون ف۔ پیلپایہ کھم مکان کا

ستوہ ف۔ عاجز تھکا ہوا ملول۔

ستون ع۔ ساٹھ ۶۰ سے

ستوقہ مب۔ کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا۔ زرقلب۔

ستیدن ف۔ لینا لے لینا

ستیزندہ ف۔ لڑنیوالا۔

ستیز ستیزندہ ف۔ لڑائی جنگ۔ جھگڑا۔

ستیزیدن ف۔ لڑنا۔

سجاد ع۔ سجدہ کرنیوالا۔

سجادہ ع۔ مصلے نماز پڑھنے کا پڑھنا۔

سجایا ع۔ جمع ہے سجیہ کی عادت۔ خو۔

سجدات ع۔ جمع ہے سجدہ کی

سجدہ ع۔ جمع ہے سجدہ کی سامنے خدا کے سر جھکانا اور نام ایک سورۃ قرآن شریف کا ہے۔

سجع ع۔ خوش آوازپرند کی یا قمری کی آواز اور لفظ آخر فقرے کا جو مطابق دوسرے فقرے کے آخر ہو۔ لغوی معنی سجع کے آواز قمری کے ہیں۔

سجف ع۔ پردہ۔ پردہ ڈالنا

سجل ع۔ قبالہ چک حکمنامہ قاضی کا۔

سجن ع۔ قید خانہ۔ جیلخانہ

سجنبل ع۔ آئینہ یہ لفظ رومی ہے۔

سجود ع۔ سجدہ کرنا۔

سجیہ ع۔ خصلت۔ خو۔

سحاب ع۔ ابر بادل۔

سحج ع۔ یہ بیماری شکم کی ہے۔ جو خراش رودہ سے پیدا ہوتی ہے

سحر ع۔ وقت۔ آخر شب صبح کے پہلے کا وقت۔

سحر حلال ع۔ شعر سخن فصیح جو بجائے جادو کے ہو۔

سحرگاہ ف۔ وقت صبح کا۔

سحر ع۔ جادو۔ افسون۔

سخاوت ع۔ سخی ہونا۔ داناپن بخشش کرنا۔

سخت ف۔ کڑا جو نرم نہ ہو۔

سختی ف۔ برخلاف نرمی کے

سخرہ ف۔ ہنسی۔ ٹھٹھہ خوش طبع۔

تمسخر ف۔ پکار۔

سخن ف۔ بات۔ سعر۔ لفظ۔

سخی ع۔ داناد دینے والا۔ خدا کے نام پر۔

سخیف ع۔ کم سمجھ۔ تنگ ظرف۔ بیہودہ۔

سد ع۔ دیوار۔ روک۔ حائل دو چیزیں۔

سداد ع۔ مضبوطی راستی گفتار اور کردار کی۔

سدس ع۔ چھٹا حصہ $\frac{1}{6}$

سدہ ع۔ گرہ جو انتڑیوں یا رگوں میں مواد غلیظ سے ہو۔

سدید ع۔ محکم۔ استوار راست۔ درست

سر ف۔ خیال ارادہ۔ شروع

سر ع۔ بھید۔ راز۔

سراف ۔ مکان ۔ خانہ ۔ گھر مسافرخانہ ۔

سراب ع ۔ وہ ہو کا جو دور سے ریت ایسی دکھائی دے کہ پانی ہے اور وہاں جا کر دیکھیں تو ریت ہو پانی نہ نکلے ۔ ایسے مقام کو سراب کہتے ہیں ۔

سراپردہ ف ۔ بارگاہی شاہی وہ جو بطور دیوار خیمہ کے آگے کھینچتے ہیں ۔

سرابستان ف ۔ وہ باغ جو گھر میں ہو ۔

سراج ع ۔ چراغ ۔ دیا ۔

سراچہ ف ۔ چھوٹا خیمہ

سرادق ع ۔ سراپردہ خیمہ

سرادقات ع ۔ سرپردے خیمے

سراری ع ۔ لونڈیاں بادرحلہ حرمیں جمع سراریہ کی ۔

سرازیر ف ۔ ڈھلاؤ ۔

سراسر ف ۔ سربسر ۔ اس سرے سے اس سرے تک ۔

سراسیمہ ع ۔ حیران پریشان

سراغ ف ۔ کھوج تلاش ۔

سرافراز ف ۔ سربلند

سرافگندن ف ۔ سرنیچے کرنا ۔ گردن نیچے ڈالنا ۔

سرافگندہ ف ۔ شرمندہ سرنیچے ڈالے ہوئے ۔

سرآمد ف ۔ برگزیدہ سردار

سرآمدن ف ۔ پورا ہونا ۔

سرآل ف ۔ سردار لوگ ۔

سرانجام ف ۔ آخر کار سامان کام کا ۔

سراویل ع ۔ پاجامہ سنتھن

سرائیدن ف ۔ گانا الاپنا ۔

سرائے ف ۔ مکان ۔ گھر مسافرخانہ ۔

سرایت ع ۔ گھس جانا اس طرح پر جیسے مشک کا سرایت کرنا صاف

سرایر ع ۔ جمع سریرہ کی پوشیدہ اور بھید ۔ تخت ۔

سرائچہ ف ۔ چھوٹی سرائے ۔

سرب ف ۔ جست یا سیسہ جس کی گولیاں ڈھالتے ہیں ۔

سرباختن ف ۔ لڑائی کرنا ۔

سربار ف ۔ سر کا بوجھ

سرباز ف ۔ بہادر جنگ میں بےخوف ۔

سربازی ف ۔ لڑائی بےخوف کام بہادری کا ۔ لڑنا ۔

سربالا ف ۔ سربلند ۔

سربراہ کردن ف ۔ راہ پر لانا پورا کرنا ۔ انتظام کرنا ۔

سربراہ ف ۔ منتظم ۔ مہتمم

سربراہی ف ۔ اہتمام

سربرداشتن ف ۔ سربلند کرنا اٹھانا ۔

سرخ ف ۔ لال ۔

سرخاریدن ف ۔ نا اُمید نہ ہونا تسلی کرنا ۔ راغب کرنا ۔

سرخرو ف ۔ خوش جس کا دعویٰ ثابت ہو جائے ۔

سرخط ف ۔ کرایہ نامہ مکان کا نوکری نامہ ۔ کاغذ فروخت کا ۔

سرخوش ف ۔ مست شراب سے خوش حال آدمی ۔

سرخود ف ۔ جو کسی کے تابع نہ ہو

سرخی ف ۔ لالی ۔

سرخیل ف ۔ سردار ۔ امیر

سرد ف ۔ ٹھنڈا ۔

سردابہ ف ۔ بھوئرہ جو زمین میں بناتے ہیں ۔

سردادن ف ۔ کھول دینا ۔

سردار ف ۔ امیر

سردردی ف ۔ محنت تکلیف

سردرکشیدن ف ۔ تابع ہونا ۔ خودسر ہونا ۔ باغی ہونا ۔

سردست ف ۔ فی الحال ۔

سردسیر ف ۔ وہ زمین جہاں پانی واسطے زراعت کے خود بخود جاری ہو ۔ سرد ملک ۔

سردفتر ف ۔ افسر دفتر کا ۔

سردی ف ۔ ٹھنڈک

سرراہ ف ۔ راہ سرے پر ۔

سررشتہ ف ۔ مجازاً مدعا مقصود معاملہ ۔

سرزدن ف ۔ گردن مارنا ملامت اچانک کسی مجلس میں کسی کا آنا ۔

سرزنش ف ۔ ملامت کرنا ۔ برا بھلا کہنا ۔

سرزمین ف ۔ زمین ۔ ملک ۔

سرسام ع ۔ ایک بیماری ہے دماغ کی جس میں آدمی بیہوش ہو جاتا ہے دماغ میں آماس ہونے کے سبب ہوتی ہے ۔

سرسال ف ۔ شروع سال

سرسبز ف ۔ لہلاتا ۔ ہرا بھرا ۔

سرسری ف ۔ کمینہ ۔ بےدل ۔ ٹال کانی کے کوئی کام کرنا ۔

سرشار ف ۔ لبریز ۔ لبالب ۔

سرشت ف ۔ پیدائش طبیعت
خو آدمی ۔
سرشتن ف ۔ گوندھنا ۔ ملانا ۔
سرشادن ف ۔ ہونا جاری ہونا
چھوٹنا توپ وغیرہ کا ۔
سرشف ف ۔ سرسوں غلہ مشہور ہے
سرشک ف ۔ آنسو آنکھ
کا چنکاری ۔
سرطان ف ۔ کیکڑا نام ایک
جانور کا ہے ۔
سرعت ع ۔ شتابی جلدی
سرغنہ ف ۔ بڑا بیمانندہ عظیم
سرف ع ۔ بیہودہ خرچ کرنا خوردی
خرچ ۔
سرفرازی ف ۔ سربلندی غرور
سرفروآوردن ۔ ف ۔ سرنیچے
کرنا ۔ بلند
سرفروبردن ف ۔ شرمندہ ہونا
سرفہ ف ۔ کھانسی ۔
سرقہ ع ۔ چوری ۔
سرکار ع ۔ بادشاہی کچہری
مجازاً حاکم ۔
سرگذشت ف ۔ واقعہ حادثہ
سرگراں ف ۔ خفا غصہ ور ۔
متکبر ۔

سرگرداں ف ۔ پریشان
سرگردگی ف ۔ سرداری
سرگرم ف ۔ چالاک محنتی ۔
گرم جوشی ۔
سرگروہ ف ۔ ایک قوم کا
سردار ۔
سرکش ف ۔ مغرور ۔ باغی ۔
سرگشتہ ف ۔ حیران بھٹکا ہوا ۔
سرکشی ف ۔ بغاوت غرور پن
پھرنا حاکم سے ۔
سرکشیدن ف ۔ نافرمانی ۔
حکم نہ ماننا ۔
سرکوب ف ۔ افسر فائق انتظام
کرنیوالا ۔
سرگین ف ۔ گوبر ۔ بیٹ
پاخانہ جانور کا ۔
سرما ف ۔ جاڑا ۔
سرمایہ ف ۔ پونجی
سرمد ع ۔ جسکی ابتدا اور انتہا نہ
ہو ۔ یعنی خدا تعالےٰ لغوی معنی
پیوستہ اور ہمیشہ ۔
سرمدی ع ۔ وہ شے جو منسوب
سرمد سے ہو ۔
سرمدی ف ۔ ابدی دائمی
سرمست ف ۔ متوالا ۔

جو شخص بیہوش نشہ میں ہو ۔
سرنا ف ۔ نفیری مشہور باجا
ہے ۔
سرنامہ ف ۔ خط کے لفافہ پر
جو پتہ اور نشان مکتوب الیہ
کا لکھتے ہیں ۔
سرنگون ف ۔ سر کے بل ۔
افسردہ اور ندامت سے منہ ۔
سرنو ف ۔ نئے سرے سے
سرنوشت ف ۔ تقدیر نصیب
حکم ازلی ۔
سروال ف ۔ پاجامہ شلوار
سروین ف ۔ تمام پورا ۔
سرواف ۔ تمام پورا ۔
سروج ع ۔ جمع سراج کی
چراغ ۔
سرود ف ۔ راگ نغمہ گیت
سرودن ف ۔ گانا ۔
سرور ع ۔ خوشی ۔
سرور ف ۔ سردار
سروری ف ۔ سرداری صاحبی
سرو ف ۔ نام ایک درخت کا
ہے ۔ جو سیدھا اگا ہوا
میں ہوتا ہے ۔
سروسامان ف ۔ اسباب

سروش ف ۔ فرشتہ جبرئیل
سروکار ف ۔ علاقہ ۔ لگاؤ ۔
سرہ ف ۔ رواجی زر ۔ زر
رائج ۔ کھرا جو کھوٹا نہ ہو ۔
سرہنگ ف ۔ سردار جو شخص
پیشتر لشکر و سپاہ کا ہو کیونکہ
ہنگ کے معنی سپاہ کے ہیں ۔
سرہنگ سردار سپاہ کا ۔
سری ف ۔ سرداری ۔
سریر ع ۔ تخت
سریت ع ۔ بھید اور جو
چیز چھپائی جاوے ۔
سریش ف ۔ ایک قسم کا چیپ ہے
جو چمڑے کو پکا کر نکالتے ہیں ۔
پھر اس سے اور چیزیں جوڑتے ہیں ۔
سریع ع ۔ جلدی کرنے والا ۔
سرین ف ۔ چوتڑ نشستگاہ
آدمی کی ۔
سریہ ع ۔ وہ کنیز یا باندی جو
جماع اور صحبت کیواسطے مقرر ہو ۔
سریہ ع ۔ لشکر پانچ آدمی
سے زیادہ چار سو تک ۔
سزا ف ۔ بدلا ۔ لائق موافق
سزاوار ف ۔ لائق مناسب ۔
سزاول ف ۔ حاصل کرنیوالا ۔

سزیدن ف۔ لائق ہونا مناسب ہونا۔
سست ف۔ ڈھیلا جو چالاک نہ ہو۔ احدی۔
سطبر ع۔ موٹا۔ گندہ بہدا۔
سطح ع۔ وہ ہے جسمیں نقطہ طول اور عرض ہو۔ چھت۔
سطر ع۔ لکیر۔ پنگتی۔ لکھنا۔
سطوت ع۔ دبدبہ قہر۔
سطوح ع۔ جمع ہے سطح کی
سطور ع۔ جمع ہے سطح کی۔
سطوع ع۔ بلند ہونا۔
سعادت ع۔ نیکی۔ برخلاف نحوست کے نیک بخت ہونا۔
سعال ع۔ کھانسی۔
سعایت - چغلی کرنا۔ غمازی۔ بدگوئی۔
سعت ع۔ وسعت فراخی گنجائش۔
سعتر ع۔ ایک گھاس ہے جسکو زلف معشوق سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سعد ع۔ نیک بختی۔
سعدین ع۔ زہری اور مشتری دونوں کو ملاکر کہتے ہیں۔ سعود مبارک ہونا۔ نیک ہونا۔
سعفہ ع۔ گنج کی بیماری جو سر میں ہوتی ہے۔
سعوط ع۔ ناک میں دوا ڈالنا
سعی ع۔ دوڑنا۔ کوشش کرنا۔ جلدی کرنا۔
سعید ع۔ نیک۔ مبارک۔ نیک بخت۔
سفارت۔ ایلچی گری۔ کرنا صلح کرنا۔
سفارش ف۔ حمایت کسی کے واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا۔
سفاک ع قتل کرنیوالا خونریز
سفال ع۔ ٹھیکری
سفالگر ف۔ کمہار۔ برتن بنانے والا۔
سفاہت ع۔ احمق پن بیوقوفی۔
سفائن ع۔ جمع ہے سفینہ کی کشتیاں۔
سفتن ف۔ بیدھنا۔
سفت ف۔ گاڑھا غفص
سفتہ ف۔ پرویا ہوا گاڑھا کیا ہوا۔
سفر ع۔ مسافرت شہر سے باہر جانا۔
سفرجل ع بہی مشہور میوہ ہے۔
سفرہ ع۔ دسترخوان۔
سفل ع۔ پستی۔ نیچائی۔
سفلہ ع۔ کمینہ۔ نالائق
سفوف ع۔ آٹا پسا ہوا۔
سفہا ع۔ جمع سفیہ کی کمینے لوگ۔ نیچ۔
سفید ف۔ چٹا۔ بگا۔
سفیر ع۔ ایلچی۔
سفیہ ع۔ کمینہ۔ ناکس۔ نیچ۔
سفینہ ع۔ کشتی۔ ناؤ۔
سقا ع۔ بہشتی جو پانی دینے کا پیشہ کرے ہے
سقام ع۔ جمع ہے سقم کی بیماریاں۔
سقایت ع۔ پانی دینا سیراب کرنا۔
سقر ع۔ دوزخ۔
سقط ع۔ بیہودہ۔ کم قدر
سقط ع۔ وہ بچہ ناتمام جو ماں کے پیٹ سے گرپڑے۔
سقط شدن ف۔ حمل گر پڑنا کم قدر ہونا۔ بیہودہ ہونا۔
سقف ع۔ مکان کی چھت
سقم ع۔ بیماری۔ دکھ برائی
سقمونیا ع۔ ایک قسم کا گوند ہے کسی درخت کا مائل بہ سبزی و زردی تلخ مزہ اسکو محمودہ بھی کہتے ہیں۔
سقنقور ع۔ ایک قسم کی مچھلی ہے۔ خشکی کی ریت میں پائی جاتی ہے۔
سقوط ع۔ گرپڑنا۔
سقوف ع۔ جمع ہے سقف کی
سقیم ع۔ بیمار عیب دار۔
سگ ف۔ کتا۔
سکہ ع۔ کوچہ گلی جمع اس کی سکک آتی ہے۔
سکاکین ع۔ چاقو۔ چھریاں جمع ہے
سگال ف۔ اندیشہ فکر مانگنے والا گوئیا۔ وہ امر بھی سگالیدن سے آب ہے۔
سگالیدن ف۔ اندیشہ کرنا۔
سکان ع۔ جمع ہے ساکن کی رہنے والا۔
سکتہ ع۔ ایک بیماری ہے۔ جسمیں حس وحرکت آدمی کی زائل ہوجاتی ہے۔ اور بیمار مانند مردے کے دکھلائی دیتا ہے اور

اصلاح میں وزن کا پورا نہ ہونا
سکر ع - نشہ - بیہوشی -
سکرمب - شکر مشہور معروف ہے -
سکرات ع - جمع ہے سکرہ کی شدت اور سختی موت کی -
سکن ع - جس سے آرام حاصل ہو - مثلاً بی بی بیٹا - دوست -
سکنجیدن ف - کھانسنا تراشنا کاٹنا دانتوں سے گلے میں آواز -
سکنہ ع - جمع ہے ساکن کی باشندے رہنے والے -
سکوت ع - چپکا رہنا - خاموش رہنا -
سکون ع - ٹھہرنا - آرام کرنا -
سکونت ع - رہنا - آرام -
سکہ ع - ڈھلا ہوا زر - اشرفی روپیہ پیسہ وغیرہ -
سکیزیدن ف - کودنا جست کرنا -
سکین ع - چاقو - چھری -
سکینہ ع - آسائش آرام آراستگی نام دختر حضرت امام حسین علیہ السلام -

سلّ ع نام ایک مرض کا ہے جسمیں خون منہ سے آتا ہے اور تپ ہوتی ہے -
سلاح ع - ہتھیار لڑائی کا -
سلاح شور سلحشور ف - ہتھیار باز وہ شخص جو ہتھیار رکھے سپاہی -
سلامت ع - روانگی
سلاسل ع - جمع ہے سلسلہ کی زنجیریں -
سلاطین ع - جمع سلطان کی بادشاہ -
سلام ع - آشیرباد - دعا نام خدا -
سلامت ع - برقرار قائم -
سلالہ ع - نطفہ بچہ باہر نکلا ہوا کسی چیز سے -
سلب ع - نفی نفی کرنا -
سلخ ع - پوست اتارنا کھال اتارنی وہ روز جس دن نیا نیا چاند دیکھا جاوے -
سلسال ع - آب شیریں خوش مزہ پانی جو صاف ہو -
سلسل البول ع - ایک بیماری ہے جسمیں پیشاب قطرہ - نکلتا ہے - بسبب پتھری کے یہ بیماری ہوتی ہے -
سلسبیل ع نام ایک چشمہ کا ہے - جو بہشت میں ہے اور شراب -
سلسلہ ع - زنجیر -
سلطان ع - بادشاہ -
سلطنت ع - بادشاہت حکومت -
سلف ع - گذرنا - گذشتہ
سلق ع - چقندر مشہور ترکاری ہے -
سلک ع - لڑائی رشتہ مروارید وغیرہ ایک چیز کو دوسری ساتھ پرونا -
سلم ع - کسی چیز کی قیمت پہلے ہی دینا جب کہ وہ تیار ہو جیسا کہ اکثر زمیندار کو غلہ کی قیمت دیتے ہیں -
سلم ع - سیڑھی -
سلوت ع - بیفکر ہو جانا -
سلوک ع - راہ چلنا - نیک روی کرنا -
سلیب ع لوٹا ہوا اسباب - چھینا گیا -

سلیس ف - روان - ہموار -
سلیقہ ع - شعور - طبیعت سرشت -
سم ع - زہر -
سُم ف - کھر چوپایہ کا -
سماء ع - آسمان -
سماوت ع - جمع ہے سمت کی اطراف - جہات اچھی روش - نیک صورتیں -
سماجت ع - منت خوشامد -
سماحت ع - جوانمری بہادری -
سماخ ع - کان کا سوراخ
سماع ع - سننا - راگ سننا رقص - سرود -
سماعت ع - سننا -
سماعی ع - سنا ہوا -
سم الفار ع - سنکھیا -
سمان ف - ستائیسواں دن ہر مہینے کا نام ایک دن کا ہے -
سمانی ع - ایک پرندہ ہے جس کو بٹیر کہتے ہیں - اور اس کا گوشت کھاتے ہیں -
سماوات ع - جمع ہے سما کی

سمائی ع. آسمان. آسمان کا
سمت ع. طرف. جہت
صورت. راہ راست.
سمت الراس ع. جانب سر.
سمر ع. کہانی مجازاً معنی سخن
کے بھی آیا ہے.
سمسام ع. چالاک. سُبک
سمسم ع. تل. کنجد. مشہور
غلہ ہے.
سمط ع. دھاگا مروارید کا.
سمع ع. سننا کان کا.
سمع ع. گرگ کا بچہ بھیڑیے کا بچہ
سمک ع. مچھلی. چھت
سمن ع. روغن زرد گھی موٹا پا
سمندر ف. دریا ایک جانور
بشکل موش کے ہوتا ہے. جو
آتشکدہ میں پیدا ہو جاتا ہے.
اگر آگ سے باہر نکلے فوراً مر جاتا
سمو ع. بلند ہونا. اونچا ہونا.
سموت ع. جمع ہے سمت کی
داغ ہا و نشان ہا و راہہا.
سمور ع. نام ایک جانور کا ہے
قسم بوڑی کی ہے. جسکے کھال
کی پوستین بنتے ہیں
سموک ع. جمع ہے سمک کی
مچھلیاں.
سمین ع. فربہ موٹا. چربی.
سن ع. سال. برس. اور
دانت.
سناء ع. روشنی.
سنان ع. بھالا. نیزہ
سنانیر ع. جمع ہے سنور کی
بلیاں.
سنبل ع. ایک گھاس ہے.
خوشبودار جس کو ہندی میں بالچھڑ
کہتے ہیں.
سنبلہ ع. خوشہ گندم.
گیہوں کے بال.
سنبوسہ ف. جو بشکل مثلث
ہو اس کو سنبوسہ کہتے ہیں. تر
کوئی نام ایک قسم کی خوراک
کا ہے.
سنبیدن ف. سوراخ کرنا
پرونا. پاؤں کے نیچے لانا.
سنجاب ع. نام ایک جانور کا
جو چوہے سے بڑا ہوتا ہے اسکی
کھال کی پوستین بناتی ہیں.
سنجیدگی. ف. وزن دار ہونا
بھاری بھر کم ہونا.
سنجیدن ف. تولنا وزن کرنا
سند ع. وثیقہ. سرٹیفکیٹ
سفارش نامہ.
سندان ف. اہرن جس پر
لوہا کوٹتے ہیں.
سنگ پشت ف. کچھوا.
سنگ ف. پتھر.
سنگین ف. پتھر کا بھاری.
سنگدان ف. جس میں پرندہ
غذا کھلاتا ہے. پتھری.
سنگدل ف. بیرحم سخت دل
سنگستان ف. پہاڑ. جہاں
پر پتھر ہوں.
سنن ع. جمع ہے سنت کی
طریقہ اور راہ.
سنوات ع. جمع ہے سنہ کی
مراد برسہا و سالہا.
سنور ع. بلی
سنون ع. وہ دوا جس کو دانتوں
پر ملتے ہیں.
سنہ ع. برس سال نیند
سنی ع. وہ لوگ جو طریقہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم پر قائم
ہیں.
سنین ع. جمع ہے سنہ کی
برس. سال.
سوء ع. بدی. برائی
سوب. طرف. جہت.
سواء ع. برابر محاذی.
سوابق ع. جمع ہے سابق
کی اگلی ملاقات ہیں.
سواحل ع. کنارے دریا کے
سواد ع. سیاہی رنگ کی طرف
شہر کے نواحی.
سوار ع. کنگن ایک قسم کا زیور
ہے. جو ہاتھ میں پہنتے ہیں.
سوال ع. پوچھنا دریافت کرنا.
سوالف ع. گذری ہوئی
جمع ہے سالفہ کی.
سوانح ع. جمع ہے سانحہ کی
یعنی پیش آنیوالی واردات
متوحش اور ناپسند
سوائے ف. سوا اس سے
الگ.
سوختہ ف. جلا ہوا.
سوختن ف. جلنا اور
جلانا.
سوختگی ف. جلن.
سود ف. فائدہ نفع بیاج
سوداء ف. سیاہ تپ پاگل.
پن. سیاہ

سوداگری ف ۔ تجارت
بیچ بیوپار
سودائی ف ۔ پاگل ۔ احمق
سودن ف ۔ گھسنا رگڑنا ۔
سوره ۔ جھوٹا پس ۔ ماندہ
طعام یا پانی فصیل شہر کی ۔
سوراخ ف ۔ چھید ۔
سورت ء ۔ تیزی ۔ تندی
ظلم ۔ غصہ
سورة ء ۔ ٹکڑا قرآن کا ۔
سوز ف ۔ سوزش ۔ جلن
سوزاں ف ۔ جلتا ہوا ۔
سوزانیدن ف ۔ جلانا ۔
جھلسانا ۔
سوزش ف ۔ جلن ۔
سوزن ف ۔ سوئی ۔
سوزنی ف ۔ وہ کپڑا جس پر
سوئی سے کام کیا ہوا ہو مشہور
بچھونا ہے ۔
سوزیدن ف ۔ جلنا ۔
سوسن ف ۔ نام ایک قسم کے
پھول کا ہے ۔
سوسمار ف ۔ وہ جانور ہے
جس کو گوہ کہتے ہیں ۔
سوط ء ۔ کوڑا تازیانہ چابک

سوغات ء ۔ ہدیہ بخشش
تحفہ ۔
سوفار ف ۔ تیر کا منہ ۔
سوفسطا ء ۔ نام اس حکمت کا
ہے جسکی بنیاد وہم پر ہے ۔
سوفسطائی ء ۔ ایک قوم ہے
حکما کی جنکی بنیاد وہم پر ہے
اور حقائق کو نہیں مانتے ۔
سوق ء ۔ بازار ۔
سوگ ف ۔ ماتم مصیبت
سوگند ف ۔ قسم ۔ سوگنھ ۔
سوگوار ف ۔ مصیبت زدہ
ماتم والا ۔
سوہان ف ۔ ریتی وہ اوزار ہے
لوہے کا جس کو ہاتھ گھستے ہیں ۔
سوئی ء ۔ برابر ۔ ہموزن ۔
سویت ء ۔ برابری ۔ اعتدال ۔
سویدا ء ۔ ایک نقطہ سیاہ
ہے جو دل پر ہوتا ہے ۔
سویق ء ۔ ستو ۔
سہ ف ۔ تین ۔ ۳ ۔ سے
سہا ء ۔ نام ایک ستارہ باریک
کا ہے ۔ جو بنات النعش ہے
سہام ء ۔ جمع ہے سہم کی
تیرہا اور حصے ۔

سہر ء ۔ بیداری ۔ جاگنا ۔
سہران ء ۔ وہ شخص جو بیدار
رہا ہو ۔ جاگنے والا ۔
سہ شنبہ ف ۔ منگل کا دن ۔
سہل ء ۔ آسمان اور زمین
نرم ۔ ہموار ۔
سہم ء ۔ تیر ۔ حصہ ۔ فارسی
میں خوف ۔ اور ڈر ۔
سہمگین ف ۔ خوفناک ۔
سہمیدن ف ۔ ڈر جانا
خوف کرنا ۔
سہو ء ۔ بھول چوک فراموش
بھول جانا ۔
سہوا ء ۔ بھول کر ۔
سہولت ء ۔ آسانی ۔
سہی ف ۔ راست ۔ سیدھا ۔
سہیل ء ۔ نام ستارہ کا ۔
سی ف ۔ تیس ۔ ۳۰ ۔ سے
سہیم ء ۔ شریک حصہ دار ۔
سئی ء ۔ بدی ۔ برائی ۔ گناہ ۔
سئیات ء ۔ گناہ ۔ برائیاں
سیاح ء ۔ بہت سیر کرنے
والا مسافر ۔
سیاحت ء ۔ سیر کرنا سفر کرنا
سیار ء ۔ سیر کرنیوالا ۔ تیز چلنے

والا ۔
سیارہ ء ۔ وہ ستارہ جو
حرکت کرتا ہو ۔
سیاست ء ۔ حکومت کرنا
رعیت پر تنبیہ کرنا ۔ اور رکنا ۔
گناہ کرنے سے بوسیلہ خوف
سزا اور مار کے ۔
سیاف ء ۔ تلوار مارنیوالا
قاتل ۔ جلاد ۔ خونریز ۔
سیاق ء ۔ روان کرنا ۔
چلانا ۔
سیال ء ۔ لچکدار بہتی ہوئی
چیز جاری ۔ پتلا ۔
سیادت ء ۔ بزرگی ۔ سرداری
سیاہ ف ۔ کالا سیاہ رنگ حبشی
سیاہہ ف ۔ حساب ۔ سرکاری
سیاہ گوش ف ۔ نام ایک
درندہ کا ہے جو کتے سے چھوٹا
بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی
بہت تیز جانور ہے ۔
سیب ء ۔ بخشش ۔ عطا
اور سیب مشہور میوہ ہے ۔
سیپارہ ف ۔ تیسواں حصہ
قرآن شریف کا ۔
سیخ ف ۔ لوہے کی سلاخ ۔

جس پر پرندہ وغیرہ کے کباب بناتے ہیں ۔
سید ع ۔ سردار ۔ رئیس ۔ بزرگ
سیر ف ۔ پر، چھکا ہوا ۔
سیر ع ۔ عادت خصلت خو علم تواریخ جس میں ایک شخص کی زندگی کا حال لکھا جائے ۔
سیراب ف ۔ جو پانی سے سیر ہو ۔ جو تشنہ نہ ہو ۔
سیرت ع ۔ خصلت
سیری ف ۔ سیر ہونا شکم پر ہونا ۔
سیزدہ ف ۔ تیرہ ۔ ۱۳ ۔ ۱۳
سیف ع ۔ تلوار ۔ شمشیر ۔
سلاف ف ۔ پانی کی رو ۔
سبیل المیر ۔
سیلاق ع ۔ روانگی اور نام ہے جزیرہ لنکا کا ۔
سیل ع ۔ پانی کی لہر ۔
سیلی ف ۔ طمانچہ ۔ تھپڑ ۔ مکا ۔
سیم ف ۔ چاندی ۔
سی ام ف ۔ تیسواں حصہ ۔
سیما ع ۔ ماتھا پیشانی ۔ نشان
سیماب ف ۔ پارہ ۔
سیمرغ ف ۔ نام ایک جانور کا ہے ۔

سیمیا ع ۔ علم طلسم جس کے سبب استعمال کرنا روح کا دوسرے کے بدن میں ہو سکے اور اشیا کے موہوم جس کا حقیقت میں وجود نہ ہو اور لوگوں کو وہ دکھلائیں سکیں ۔
سینہ ف ۔ چھاتی ۔
سینا ع ۔ نام بو علی حکیم کے دادا کا ہے ۔ نام ایک پہاڑ کا ہے جس کو طور سینا کہتے ہیں ۔
سیورغال ف ۔ انعام ۔ مدد معاش ۔
سیوف ع ۔ جمع ہے سیف کی ۔
سوم سومین ف ۔ تیسرا حصہ ۳/۱ ۔
سیاہ ف ۔ کالا سیاہ ۔
سیاہ کار ف ۔ بدکار گنہگار عاشق ۔
سیہ چردہ ف ۔ سیاہ رنگ بہت تیز ہو ۔
سیہک ف ۔ تیز ہوا جھکڑ ہوا ۔
شباب ع ۔ جوان ۔ کبرو ۔
شاباش ع ۔ آفرین ۔ کلمہ تحسین کا ہے ۔
شاة ع ۔ بکری ۔

شاخ ف ۔ ٹہنی ڈالی پیالہ شراب کا
شاخچہ ف ۔ چھوٹی شاخ شاخچہ بندی تہمت لگانا ۔ بہتان لینا
شاخدار ف ۔ خود بین مغرور دیوپ ۔
شاخسار ف ۔ جہاں پر بہت درخت ہوں ۔ اس کو شاخ سار کہتے ہیں ۔
شاد ف ۔ خوش ۔ خرم ۔
شاداب ف ۔ سیراب تر و تازہ
شادان ف ۔ خوش ۔
شادباش ف ۔ خوش رہو کلمہ دعا ہے ۔ اور چھبیسواں دن فارسی مہینے کا ۔
شادکام ف ۔ خوش اور نام ہے ۔ بہادر فریدوں کا ۔
شادگونہ ف ۔ تو شک بچھونا جس پر سوتے ہیں ۔
شادمان ف ۔ خوش آدمی
شادن ف ۔ ہرن کا بچہ
شادی ف ۔ خوشی ۔
شاذ ع ۔ کم نادر جو خلاف قاعدہ ہو ۔
شارب ع ۔ پینے والا ۔
شارح ع ۔ شرح کرنیوالا ۔

کھول کر بیان کرنے والا ۔
شارع ع ۔ عالم حکم شرح دینے والا ۔ اور راست شروع کرنیوالا ۔
شارق ع ۔ روشن ۔ تابان چمکنے والا ۔
شارک ف ۔ ایک جانور پرند سیاہ مانند طوطے کے بعض مینا بعضے ہزار داستان کو کہتے ہیں ۔
شاریدن ف ۔ پانی ڈالنا یا شراب کا ڈالنا ۔
شاشدان ف ۔ پیشاب کا برتن ۔
شاشیدن ف ۔ پیشاب کرنا
شاطر ع ۔ چالاک اور قاصد اور شطرنج باز ۔ شوخ ۔
شاعر ع ۔ جاننے والا شعور مند ۔ شعر بنانیوالا ۔
شاغل ع ۔ مشغول ہونیوالا ۔ بکوا دینے والا ۔
شافع ع ۔ نام ایک امام اہل سنت کا ۔
شافعی ع ۔ نام ہے ایک امام اہل سنت کا منسوب ہے شافع کی ۔

شافی ع. شفا دینے والا تسکین دینے والا.

شامخ ع. بلند. اونچا.

شاہق ع. بلند.

شاق ع. اونچا مکان. دشوار. مشکل کام.

شائستن ف. لائق ہونا.

شائستگی ف. لیاقت. شائستہ ہونا. لائق ہونا.

شائع ع. فاش و آشکار.

شائق ع. مشتاق شوقین.

شائگان ف. فراخ کشادہ لائق خواب اصل اسکی شائگان ہے. اپنی لائق بادشاہ کے خسرو پرویز کے خزانہ کا نام گنج شائگان ہے.

شب ف. رات.

شب ع. پھٹکڑی.

شباب ع. جوانی.

شبان ف. چراہا. گڈریہ

شب چراغ ف. ایک گوہر ہے جو رات کو مانند چراغ کے روشن ہوتا ہے.

شبخون ف. رات کو دھاوا کرکے قتل کرنا.

شب خیز ف. رات کو اٹھنے والا

شب دیجور ف. اندھیری رات

شب برات ف. پندرہویں شب ماہ شعبان کی.

شپر شب پرہ ف. چمگادڑ مشہور پرندہ ہے.

شبستان ف. خلوت خانہ سونے کی جگہ بادشاہوں اور ملوک کی اور مساجد میں وہ جگہ کہلاتی ہے جہاں پر رات کو عبادت کرتے ہیں

شب قدر ف. ستائیسویں تاریخ ماہ رمضان کی.

شب گرد ف. رات کے پھیرے والا

شبکہ ع. جال سوراخدار لوہے وغیرہ کا جالی لوہے کی جال.

شبگیر ف. پہلے ہی صبح ہونے سے چلا جانا. آدھی رات کو اخیر کو بھی کہتے ہیں.

شبنم ف. اوس جو رات کو پڑتی ہے

شبع ع. پیٹ بھرا. شکم سیر

شبو ف. ایک قسم کا پھول ہے. جسکی خوشبو رات کو نکلتی ہے.

شبینہ ف. رات کا کھانا.

شبہ ع. مثل مانند تصویر ذہانت

شبہہ ع. شک.

شبیہہ ع. تصویر صورت.

شلپیدن ف. نچوڑنا سیٹی بجانا

شتی ع. متفرق. الگ الگ بھانت بھانت کا.

شتاء ع. جاڑا موسم. سرما.

شتاب ف. جلد. تیز.

شتابان ع. تیزی کرتا ہوا جلد باز.

شتابیدن ف. جلدی کروانا.

شتابیدن ف. جلدی کرنا.

شتالنگ ف. ٹخنہ. ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے.

شتافتن ف. دوڑنا.

شتر ف. اونٹ.

شترباف. سورج مکھی ایک درخت کا پھول ہے.

شتربان ف. اونٹ کا نگہبان. اونٹ والا.

شترنجی ف. بچھونا مشہور ہے. بعض طا سے لکھتے ہیں.

شترمرغ ف. مشہور جانور کے مانند اونٹ کی.

تشلم ع. رف ظلم کرنا زبردستی کرنا تندی کرنا. لوگوں پر.

شتم ع. گالی اور گالی دینا.

شجاع ع. بہادر جوانمرد.

شجاعت ع. بہادری جوانمردی.

شجر ع. درخت. رونکھ.

شجو ع. غم و اندوہ.

شحم ع. چربی موٹاپن.

شحنہ ع. کوتوال.

شحنگی ف. کوتوال گیری.

شخص ع. لوگ جاندار جسم خواہ عورت یا مرد.

شخصی ع. منسوب بہ شخص سے شخص کا.

شدائد ع. تکلیفیں سختیاں جمع ہے شدیدہ کی.

شدت ع. سختی. تکلیف.

شدن ف. ہونا. جانا.

شدید ع. سخت محکم. استوار.

شر ع. بدی برائی.

شراء ع. خریدنا. خریدکرنا.

شراب ع. پینے کی شئے خواہ پانی ہو یا شربت یا شراب وغیرہ

شرار ع. جمع ہے شریر کی بد لوگ شریر آدمی.

شرار ع. چنگاریاں. مشہور ہے آگ کی جمع شرارہ کی.

شرارہ ع. چنگاری آگ کی
شرافت ف. بزرگی
شرائط ع. جمع ہے شرط کی شرطیں
شرائع ع. جمع ہے شریعت کی
یعنی شریعتیں. مذاہب.
شرائف ع. بھلائیاں بزرگیاں
جمع ہے شریف کی.
شرب ع. پینا
شربت ع. پینے کی کچھ شئے پانی
ہی کیوں نہ ہو.
شرح ع. تفسیر کسی کتاب کی
کھول کر بیان کرنا. مطلب
کا.
شرر ع. چنگاریاں آگ کی
جمع ہے شرارہ کی.
شرط ع. ہوا موافق نشانی
شرط ع. باندھنا جس پر کسی بات
کا ہونا منحصر ہو لازم کرنا لازم
ہونا دوسرے کام پر متعلق
کرنا. نشتر مارنا. عہد و
پیمان اور نشان.
شریعت ع. بڑی راہ خدا
کا بتلایا ہوا طریقہ.
شریف ع. بڑے رتبہ کی
سے بزرگوار. قادر. شریف

شرق ع. آفتاب نکلنے کی
جگہ اور روشن ہونا. طلوع ہونا
شروق ع. آفتاب کا نکلنا
بکری وغیرہ کا کان چیرنا
مجازاً روشنی.
شراک ع. تسمہ جوتی کا جو
بوٹے پر ہوتا ہے.
شرح کشاف خواندن ف
کنایہ ہے زیادہ گوئی اور
بیہودہ گفتگو سے.
شریان ع. رگ متحرک جو چھوٹی
چھوٹی رگیں ہر ایک رگ کے
نیچے ہیں ان میں نسبت خون کے
اور حرج زیادہ ہے قلب سے لگی ہیں.
شرطیہ ع. وہ جملہ ہے جسمیں شرط ہو
شرزہ ف. غصہ ور خوفناک
شرزمہ ع. آدمیوں کی جماعت
شراب زدگی. بسبب نشہ
شراب کے بہت بیہوش ہوجانا
شستن ف. دہونا.
شش جہت ف. مشرق
مغرب شمال جنوب تحت و فوق
شش ارکان ف. کھانا
پینا حرکت و سکون بدنی حرکت
و سکون نفسانی ہونا. اور

بیداری. انتزاع.
شطحیات ع. کلمات خلاف
شریعت فتنہ و فساد کے زبان پر لانا
شطر ع. جزو جانب طرف حصہ دار
شعاب ع. پہاڑ کی راہیں
شگافیں جمع ہے شعب کی
شعر بالفتح. بالکسر جاننا دریافت
کرنا اصطلاحی معنی بیت موزون
شعار ع. انگرکھے کے نیچے جو
کپڑا پہنتے ہیں یعنی وہ کپڑا جو بدن سے لگا ہو
شعور ع. جاننا. دریافت کرنا.
شعائر ع. عبادات قربانیاں
جمع ہے شعیرہ کی.
شعر ع. جو مشہور غلہ ہے.
شعبدہ باز ف. بازی گر.
شعبان ع. آٹھواں مہینہ قمری
مسلمانوں کا چونکہ جمیع امورات
مقدرہ خلائق اس مہینہ میں حسب
اعتقاد اہل اسلام کے منشعب اور
پراگندہ ہوتے ہیں.
شعبہ ع. ٹکڑا ہر شئے کا شاخ
درخت کی اور نغمہ جو کسی اور نغمہ
سے نکلا ہو.
شعشعہ ع. روشنی آفتاب کی اور
پانی ملانا شراب میں.

شعلہ. روشنی لپٹ آگ کی
شعلہ جوالا. شعلہ گرد اگرد بہت
پھرنیوالا. جیسا بنیٹی کا شعلہ
ہوتا ہے.
شعلہ زادہ ف. شیطان
ابلیس.
شغب ع. شور. خروش
و فتنہ و فساد.
شغاف ف. غلاف دل پردہ
دل کا اور سیاہ نقطہ دل کا
شغف ع. شدت. محبت
شغال ع. گیدڑ مشہور ہے.
شغل ع. کام بے فرصتی روکنا.
شفاء. صحت. تندرستی.
شفقت ع. مہربانی.
شفت ع. ہونٹھ.
شفاف ع. وہ صاف شے
جسکے آر پار نظر گذر سکے جیسا کہ
شیشہ بلور وغیرہ ہوتے ہیں.
شفق ع. سرخی جو صبح اور شام
کو آسمان کے کناروں پر دکھائی
دیتی ہے.
شفتالو ع. مشہور میوہ ہے.
بوسہ معشوق کو بھی کہتے ہیں.
شفاہ ع. جمع ہے شفت کی

لب ۔ ہونٹھ ۔
شفرۃ ع ۔ راہ پی چمڑا کاٹنے کا اوزار ۔ چھری ۔
شفوی ع ۔ وہ حروف جو ہونٹھ سے نکلتے ہیں ۔ جیسے ب ۔ م
شقرت ع ۔ رنگ زردی مائل جس میں تھوڑی سرخی ہو ۔
شقاوت ع ۔ بخت بُرے
شقدار ف ۔ حاکم وہاں کا پرگنات کا حاکم ۔
شقائق ع ۔ لالہ کے پھول سکا مفرد اور جمع بھی یہی فرسس گل زرد ۔
شق ع ۔ شگاف اور چیرنا ۔
شقیق ع ۔ برادر ۔ بھائی ۔
شکوی ع ۔ گلہ اور گلہ کرنا ۔
شکیبا ف ۔ صبر کرنیوالا ۔
شکرلب ف ۔ معشوق ۔
شکستن ف ۔ توڑنا ۔
شکیبیدن ف ۔ صبر کرنا ۔
شکوخیدن ف ۔ ٹھوکر کھانا ۔
شکیب ف ۔ صبر و آرام ۔
شگفت ف ۔ تعجب ۔ عجیب غریب
شکایت ف ۔ گلہ کرنا ۔
شکنج ف ۔ پیچ و تاب ۔

شگفتن ف ۔ کھلنا کلیونکا ۔
شکل ع ۔ صورت ۔
شکیل ع ۔ وضعدار شکلدار ۔
شکوہیدن ف ۔ غرور کرنا ۔ اپنی بڑائی کا اظہار کرنا ۔
شکولیدن ف ۔ پراگندہ کرنا ۔
شکوہ ف ۔ بزرگی ۔ شان و شوکت ۔
شکنجہ ف ۔ عذاب ایک قسم کا آوزار ہے جس میں مجرم کو عذاب اور دکھ دیتے ہیں ۔
شکم بندہ ف ۔ حریص لالچی ۔
شکرتری ف ۔ کھانڈ سفید بورہ سفید ۔
شگرف ف ۔ زیبا نیک عجیب بزرگ ۔
شگال ف ۔ گیدڑ مشہور جانور صحرائی ہے ۔
شگن ف ۔ شگون ساز فال
شلاق ف ۔ تھپڑ مارنا ۔ لکڑی سے مارنا کوڑا مجازاً شوخ دفتنہ انگیز ۔
شلنگ ف ۔ کسی جگہ سے کودنا پھلانگ مارنا ۔
شلاک ف ۔ چند بندوق کی آواز کا یکبارگی فیر کرنا ۔

شل ع ۔ جس کے ہاتھ پاؤں حرکت نہ کرسکیں ۔
شلہ ت ۔ ایک قسم کا کھانا ہے ۔ چاول کو شوربہ میں بطور ہریسہ کے بہت گلا کر پکاتے ہیں ۔
شلہ ف ۔ فرج کس لتہ حیض کا ۔
شمانت ع ۔ برائی پر خوش ہونا ۔
شمشاد ف ۔ نام ایک درخت کا ہے جس کی لکڑی بہت محکم اور خوشنما ہوتی ہے ۔
شمشیر ف ۔ تلوار ۔ لغوی معنی ناخن شیر کے ہیں چونکہ تلوار مشابہ شیر کے ناخن سے ہے اس لیے شمشیر نام ہوا ۔
شمس ع ۔ سورج ۔
شموس ع ۔ سرکش ۔ بدخو شموس جمع ہے شمس کی ۔
شماس ع ۔ سورج کا پجاری آفتاب پرست اور نام اس شخص کا ہے ۔ جس نے آتش پرستی کا طریقہ ایجاد کیا تھا ۔
شمع ع ۔ موم ۔ مجازاً چراغ ۔
شموع ع ۔ جمع شمع کی ہے ۔
شمول ع ۔ شامل ہونا محیط ہونا گھیر لینا کسی چیز کا ۔

شمال ع ۔ بایاں ہاتھ و دست چپ ۔ عادت ۔ قطب ۔ شمالی ۔ سمت چونکہ عرب لوگ کعبہ کو ایک شخص قرار دیکر یہ تصور کرتے ہیں ۔ کہ منہ اسکا جانب مشرق ہے اور پشت اسکی مغرب کی طرف ہے تو اسی سبب سے چونکہ قطب شمالی بائیں ہاتھ کے ہیں ۔ اس لیے اسکا نام شمال رکھا ہے اور دیوار اس ہوا کو کہنے لگے ۔ جو کہ اس کی دربعنی پشت سے آتی ہے ۔
شمائل ع ۔ خصلتیں عادتیں خوبیں ۔
شمیم ع ۔ خوشبودار ہوا سونگھنا ۔
شمائم ع ۔ خوشبوئیں جو سونگھی جاویں ۔
شمالسیان ف ۔ آتش پرست
شمیدن ف ۔ سونگھنا ۔ بو سونگھنا ۔
شمیدہ ف ۔ بیہوش پریشان ۔
شمہ ع ۔ تھوڑا ۔
شمردن ف ۔ گننا ۔ شمار کرنا
شنوف ۔ سننے والا اور حسن
شناف ۔ تیز پرورش کرنا ۔

ڈنڈ پیلنا۔
شناعت ع۔ بدی طعنہ برائی۔
شنیع ع۔ بدزبان۔
شنائع ع۔ بدیاں۔ برائیاں۔
شنیدن ف۔ سننا۔
شناختن ف۔ پہچاننا۔
شنفانتن ف۔ سنانا۔
شنیدن ف۔ سننا۔
شواء۔ بھنا ہوا بریاں گوشت۔
شوریٰ ع۔ مشورہ مسورات
شوایت ع۔ جمع ہے شائبہ کی آمیزگی اور آلودگی۔
شوربخت ف۔ بخت۔
شوکت ع۔ قوت تیزی شدت
شوامخ ع۔ بلندیاں جمع ہے شامخ کی۔
شواہد ع۔ جمع ہے شاہد کی گواہ
شور ف۔ فتنہ۔ غل۔ شہرت۔
شونیز ف۔ کلونجی مشہور دوا ہے
شوارع ع۔ راہ ہا راستے۔ بڑے راستے۔
شواہق ع۔ بلندیاں۔ جمع شاہقہ کی۔
شہوق ع۔ بلند ہونا۔

شوارق ع۔ روشن چیزیں روشنی ہا۔
شوال ع۔ دسواں مہینہ۔ سال ہجری کا۔
شورغال ف۔ رہزنیہ بدمعاش۔ الغم۔
شوم ف۔ منحوس۔ بد فال بد۔
شورچشم ف۔ جسکی نظر سے ضرر پہنچے اور آدمی بیمار ہو جاوے۔
شومی ف۔ نحوست۔
شہر خدا ف۔ ماہ رجب ساتواں مہینہ سال قمری۔
شہلاء۔ وہ عورت جسکی آنکھیں بھیڑیے کی مانند ہوں۔ نیش چشم عورت۔ ایک قسم نرگس کے پھول کی ہے جسکا پھول بجائے زرد ہونیکے سیاہ ہوتا ہے اُسی تشبیہ انسان کی آنکھ کو دیتے ہیں۔ شہلا سیاہ چشم ہو مائل بسرخی ہو۔
شہاب ع۔ رنگ سُرخ ستارہ روشن جو آسمان سے بطور آتشبازی کے چھوٹتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ شعلہ آگ کا۔

جو بلند ہو۔
شہرت ع۔ آرزو۔ خواہش شوق۔ لذت۔ نفع بھوک خواہش جماع۔
شہامت ع۔ بزرگی بڑائی توانائی چستی۔ دلیری۔
شہادت ع۔ گواہی خدا کے نام پر کشتہ ہونا۔
شہربند ف۔ فصیل حصار۔ قلعہ۔ قیا۔ بند۔
شہید ع۔ گواہ کشتہ شدہ مارا ہوا خدا کی راہ پر۔
شہود ع۔ ظاہر ہونا اور جمع شاہد کی بھی ہے۔
شہر ع۔ مہینہ۔ ماہ۔
شہریور ف۔ ماہ کوار کوار کا مہینہ یعنی جب آفتاب برج سنبلہ میں ہو۔
شہریار ف۔ بادشاہ۔
شہور ع۔ جمع ہے شہر کی مہینے
شہیر ع۔ مشہور۔
شہر تاش ف۔ ایک شہر کا باشندہ۔ ہمسایہ۔
شہیق ع۔ گدھے کی آواز اور روتے وقت گلے کی آواز

کا بنا۔ ہو کر نکلنا۔
شہ ف۔ بادشاہ۔
شہنشاہ ف۔ بڑا بادشاہ یہ مخفف ہے۔ شاہان شاہ کا
شہنائی ف۔ نام ہے ایک ساز کا جس کو سرنا کہتے ہیں۔ نفیری۔
شہی ف۔ بادشاہی۔
شہوی شہوانی ع۔ منسوب بشہوت خواہش کا۔
شیدا ف۔ دیوانہ۔ آشفتہ
شیخوخت ع۔ بڑھاپا پیری پچاس برس سے آخر تک شیخوخت کہلاتا ہے۔
شباب شیب ع۔ بڑھاپا پیری۔
شیث ع۔ نام بیٹے آدم کا۔
شیخ ع۔ بوڑھا۔ صاحب
شید ع۔ مکر و فریب۔
شیخ نجدی ع۔ لقب شیطان کا۔
شیرزہ ف۔ قدرت قوت
شیر ژیان ف۔ شیر درندہ
شیرہ ف۔ جیب۔

شیرین ف. میٹھا نام معشوق فرہاد کا۔ عزیز۔ نایاب۔
شیشہ ف. کانچ۔
شیطان ع. دشمن خدا کا۔
شیعہ ع. قوم گروہ مشہور جو سوائے حضرت علی کے اور صحابہ کو نہیں مانتے
شیفتن ع. عاشق ہونا۔ مدہوش۔
